# سوشل میڈیا اور اردو زبان: منتخب اردو ادبی بلاگز کا املا اور ذولسانیت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ

مقالہ برائے ایم۔فل (اردو)


مقالہ نگار

**ملیحہ شکیل**

**شعبہ اردو زبان و ادب**

**نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد**


**اگست 2022ء**

# سوشل میڈیا اور اردو زبان: منتخب اردو ادبی بلاگز کا املا اور ذولسانیت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ


مقالہ نگار:

**ملیحہ شکیل**


یہ مقالہ

**ایم۔فل (اردو)**

کی ڈگری کی جزوی تکمیل کے لیے پیش کیا گیا۔


فیکلٹی آف لینگویجز

(اردو زبان و ادب)

**نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد**



**اگست 2022ء**

# مقالے کا دفاع اور منظوری کا فارم

زیرِ دستخطی تصدیق کرتے ہیں کہ انھوں نے مندرجہ ذیل مقالہ پڑھا اور مقالے کے دفاع کو جانچا ہے، وہ مجموعی طور پر امتحانی کارکردگی سے مطمئن ہیں اور فیکلٹی آف لینگویجز کو اس مقالے کی منظوری کی سفارش کرتے ہیں۔

**مقالے کا عنوان: سوشل میڈیا اور اردو زبان: منتخب اردو ادبی بلاگز کا املا اور ذو لسانیت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ**

پیش کار: ملیحہ شکیل رجسٹریشن نمبر 1886/M/U/F19

## ماسٹر آف فلاسفی

شعبہ اردو زبان و ادب

ڈاکٹر فوزیہ اسلم ____________________

نگران مقالہ

ڈاکٹر صنوبر الطاف ____________________

شریکِ نگران مقالہ

پروفیسر ڈاکٹر جمیل اصغر جامی ____________________

ڈین فیکلٹی آف لینگویجز

بریگیڈیئر نادر علی ____________________

ڈائریکٹر جنرل

تاریخ ____________________

# اقرار نامہ

میں، ملیحہ شکیل حلفیہ بیان کرتی ہوں کہ اس مقالے میں پیش کیا گیا کام میرا ذاتی ہے اور نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد کے ایم۔فل (اردو) سکالر کی حیثیت سے ڈاکٹر فوزیہ اسلم اور شریک نگران ڈاکٹر صنوبر الطاف کی نگرانی میں مکمل کیا ہے۔ میں نے یہ کام کسی اور یونی ورسٹی اور ادارے میں ڈگری کے حصول کے لیے پیش نہیں کیا ہے اور نہ ہی آئندہ کروں گی۔

______________

**ملیحہ شکیل**

مقالہ نگار

**نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد**

**اگست، 2022ء**

# فہرست ابواب


| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مقالے کا دفاع اور منظوری کا فارم | ii |
| اقرار نامہ | iii |
| فہرست ابواب | iv |
| Abstract | vi |
| اظہار تشکر | viii |
| **باب اول موضوع کا تعارف اور بنیادی مباحث** | |
| الف۔ تمہید | 1 |
| 1. موضوع کا تعارف | 1 |
| 2. بیانِ مسئلہ | 2 |
| 3. مقاصدِ تحقیق 2 | |
| 4. تحقیقی سوالات | 3 |
| 5. نظری دائرہ کار | 4 |
| 6. تحقیقی طریقہ کار | 5 |
| 7. مجوزہ موضوع پر ماقبل تحقیق | 5 |
| 8. تحدید | 6 |
| 9. پس منظری مطالعہ | 6 |
| 10- تحقیق کی اہمیت | 7 |
| (ب) بلاگ اور اس کی زبان | 7 |
| (ج) پس منظری مطالعہ | 9 |

1-اردو بلاگز کی تاریخ 9

i-پاکستان میں بلاگنگ کا مستقبل 11

ii-بلاگز سے پہلے ادبی صحافت 12

2-منتخب اردو بلاگز کا اجمالی جائزہ 15

3-سوشل میڈیا اور اردو زبان 18

حوالہ جات 22

## باب دوم :-اردو بلاگز کا املائی جائزہ 24

(الف)اردو املا—اصول و مباحث 24

(ب)منتخب اردو بلاگز کی زبان اور املا کا جائزہ۔ 26

حوالہ جات 79

## باب سوم :- اردو بلاگز کے ذولسانی مسائل 86

(الف)منتخب اردو بلاگز میں لسانی آمیزش 88

(ب)منتخب اردو بلاگز میں انگریزی الفاظ کے استعمال کا جائزہ 90

حوالہ جات 135

## باب چہارم :- مجموعی جائزہ، تحقیقی نتائج اور سفارشات 142

الف۔ مجموعی جائزہ 142

ب۔ تحقیقی نتائج 145

ج۔ سفارشات 146

کتابیات 147

# ABSTRACT

## Title:

**Social Media & Urdu Language: Research study of Selected Urdu Blogs (with reference to special *HUM SUB Blog, Danish Blog*, *Aik Rozen* Blog) in the context of spelling and Bilingualism.**

## Abstract:

As the world appears to be socialized, global hub humans are constantly striving hard to comprehend and communicate every opportunity that the modern world might offer. In this continuous effort, humans require the tool of language and not just one but many of them. A monolingual will be like an individualized identity with the loss of everything. While on the other hand, the Bilinguals will have varied dimensions of opportunities at their hands. This Phenomenon of bilingualism simultaneously gives rise to several linguistic errors especially when we keep the Urdu language in context with social media and globalization. The current research is to decipher the authenticity and nuanced correctness of Urdu written script in modern genres such as blogs. To construe the mentioned aspect the researcher has aligned the quantitative research method with four blogs bracketed as Urdu Literary Blogs. These blogs are entitled *Hum Sub blog, Danish Blog, Aik Rosen Blog*. The researcher hopes that this research

demarcates the standard Urdu that can aid to evaluate the language quality of selected Urdu literary blogs

This research comprises four chapters. The first chapter engulfs the lineage of Urdu Blogging and what prospects they might hold for the readers. It also deals with the influence of social media on the Urdu language.

The second chapter embeds the errors that might originate in Urdu spellings. The research has also mentioned the principles and constructional norms of Urdu spellings. The third chapter bases its discussion on the problems arising due to Bilingualism. The chapter has focused to analyze that to what has been seen extent code mixing has been carried out in Urdu language script. It has been observed that even though synonyms exist, English substitutes have beenused, for both local and foreign words.

The fourth chapter consists of an overview, and recommendations that improve and refine the language of Urdu blogs. The research findings are also included in the same chapter.

# اظہارِ تشکر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم فرمانے والا ہے۔ سب سے پہلے میں اُس پاک ذات کا شکر ادا کرتی ہوں۔ جس کے حکم سے نعمتیں پایۂ تکمیل پاتی ہیں۔ جس اللہ نے ہمیں پیدا کیا اور صلاحیتوں سے نوازا، اسی کی توفیق کی بدولت ہم علم کے متلاشی ہوئے۔ اس نے ہمیں علم کی نعمت سے سرفراز فرمایا اور وہ کچھ سکھایا جسے ہم نہیں جانتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی بے انتہا مہربانی اور کرم کہ انھوں نے مجھے اس قابل بنایا کہ آج میں اپنا ایم فل مقالہ مکمل کرنے کے قابل ہوئی۔ محسنِ کائنات پر لاکھوں کروڑوں درود و سلام جنھوں نے علم کے حصول پر زور دیا اور اپنا ذاتی نمونہ پیش کیا۔ اس کے بعد میں اپنے والدین کی بے حد ممنون ہوں جن کی بے لوث محبت، پر خلوص شفقت اور دعائیں مجھے آج یہاں تک لے آئیں۔ میرے والد محترم جناب حافظ شکیل احمد اور والدہ محترمہ صابرہ بیگم کی سرپرستی نے مجھے ہر طرح کی پریشانیوں، مشکلات، مصائب سے محفوظ رکھا۔ انھوں نے ہمیشہ اپنی ضروریات پر میری ضروریات کو ترجیح دیتے ہوئے اُن کو پورا کرنے کی کوشش کی۔ مجھے ایسا ماحول فراہم کیا جہاں میں با آسانی اپنا تعلیمی سفر جاری رکھ سکوں۔ میں اپنی بہن صالحہ شکیل کی بھی مشکور ہوں جنھوں نے ہمیشہ میری ڈھارس بندھائی اور ہمیشہ آگے بڑھنے میں میری رہنمائی کی۔ میرے دونوں بھائی حافظ حسیب احمد اور حافظ عقیل احمد کی بھی شکر گزار ہوں جن کی شفقت اور محبت نے مجھے کبھی زمانے کی سختی کا احساس ہونے نہیں دیا۔ ان کی محبت اور دعا کی بدولت میں آج اپنا ایم فل کامیابی سے مکمل کرنے کے قابل ہوئی۔ ان کا تعاون، حوصلہ افزائی میرے لیے ناقابلِ فراموش ہے۔

میں اپنی نگران مقالہ ڈاکٹر فوزیہ اسلم صاحبہ اور شریکِ نگران ڈاکٹر صنوبر الطاف صاحبہ کی شکر گزار ہوں جن کی رہنمائی، معاونت، محبت و شفقت نے مجھے اس مقام تک پہنچایا۔ موضوع کے انتخاب سے لے کر مقالے کی تکمیل تک ہر مرحلے میں ان کا تعاون میرے ساتھ رہا۔ ان کے علاوہ نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد کے تمام اساتذہ خصوصاً ڈاکٹر صائمہ نذیر، ڈاکٹر بشریٰ پروین، ڈاکٹر نازیہ یونس، ڈاکٹر نعیم مظہر، ڈاکٹر محمود الحسن رانا، ڈاکٹر ارشاد بیگم کی بے حد شکر گزار ہوں جنھوں نے ایم فل کے دوران ہمیں تحقیق کے فن سے آشنا کیا۔ ڈاکٹر صائمہ نذیر

کا تعاون، اُن کی رہنمائی، اُن کی شفقت اور اُن کا متحمل رویہ میرے لیے ناقابل فراموش ہے۔ اپنے تمام دوست احباب، ہم جماعت خصوصاً ہاجرہ امینہ علی بہ طور خاص شکریہ کی مستحق ہیں جنھوں نے تحقیقی کام میں ہر ممکن میری مدد کی اور میری ڈھارس بندھاتی رہیں۔ آخر میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے والدین، بہن بھائیوں، اساتذہ ، دوستوں کو ہمیشہ خوش رکھے۔ ان کو صحت و تندرستی والی زندگی عطا فرمائے۔ آمین!

ملیحہ شکیل

سکالر ایم۔فل۔اردو

اگست 2022

# باب اول:

# موضوع کا تعارف اور اصولی مباحث

## الف: تمہید

### i. موضوع کا تعارف:

مجوزہ تحقیقی مقالہ "سوشل میڈیا اور اردو زبان: منتخب اردو ادبی بلاگز کا املا اور ذولسانیت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ" پر مبنی ہے۔ سوشل میڈیا اس وقت باہمی رابطے کا تیز ترین ذریعہ ہے۔ سوشل میڈیا سے مراد انٹرنیٹ بلاگز اور سماجی روابط کی ویب سائٹس اور دیگر ہیں جن کے ذریعے سے خبریں اور معلوماتی مواد کو فروغ دیا جاتا ہے۔ سوشل میڈیا الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سے بھی زیادہ تیزی سے مقبول ہو رہا ہے۔ اس کے ذریعے سے خبروں اور معلومات کو تلاش کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ یہ ای میل اور بلاگز کے ذریعے سے آپ تک پہنچ جاتی ہیں۔

بلاگ ایسی ویب سائٹس کو کہا جاتا ہے۔ جہاں گفتگو یا معلومات ترتیب وار ہوتی ہیں۔ یہ انگریزی کے الفاظ ویب اور لاگ سے مل کر بنا ہے۔ عام بول چال میں یہی لفظ بلاگ استعمال کیا جاتا ہے۔ بلاگ ایسی تحریر کو کہا جاتا ہے۔ جو ڈیجیٹل ڈائری بھی کہلاتی ہے۔ جہاں آپ اپنے خیالات، تجربات و مشاہدات کا لاکھوں لوگوں کے ساتھ تبادلہ کرتے ہیں۔ سب سے پہلے ٹوئٹر نے بلاگ میں اردو رسم الخط کے استعمال کی سہولت فراہم کی۔ اس کے بعد اردو زبان میں بلاگ لکھنے والوں کی ایک بڑی تعداد سامنے آئی۔ عصر حاضر میں بلاگز کے لیے الیکٹرانک میڈیا کو کثرت سے استعمال کرنے کا رجحان ہے چونکہ بلاگ غیر رسمی مزاج کے تحت لکھے جاتے ہیں اس لیے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ بلاگ کا املا کیسا ہے۔ میرا موضوع اردو بلاگ کا املائی اور ذولسانی مطالعہ ہے۔ ہم سب، دانش، ایک روزن اور لال ٹین اردو کے بلاگز ہیں۔ ان بلاگز کے انتخاب کی وجہ بھی یہی ہے کہ یہ بلاگز زیادہ تر تعلیم یافتہ طبقہ پڑھتا ہے اس لیے اس کی زبان کا معیاری ہونا لازمی ہے۔ یہی تعلیم یافتہ طبقہ زبان کی ترویج میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ بے شمار ورڈپریس بلاگز ہیں۔ اردو بلاگنگ کا آغاز 2002ء میں عمیر سلام سے ہوا۔ آج اردو بلاگنگ لکھنے والے سیکڑوں لوگ موجود ہیں۔ اس مقالے میں منتخب اردو بلاگز کا لسانی جائزہ لیا جائے گا اس میں املا کے مسائل کو دیکھا جائے گا اس کی زبان پر بات کی جائے گی اور دیگر زبانوں خصوصاً انگریزی

کے الفاظ کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس میں لسانی آمیزش (کوڈ مکسنگ) کو دیکھا جائے گا۔ کوڈ مکسنگ کے معنی لسانی ملاوٹ کے ہیں کوڈ مکسنگ میں ایک زبان میں دوسری زبان کی ملاوٹ کی جاتی ہے یعنی وہ الفاظ جن کے اردو مترادفات موجود ہیں اس کے باوجود انگریزی مترادفات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مجوزہ تحقیقی مقالے میں بلاگز کی املا کے ساتھ ساتھ کوڈ مکسنگ یعنی لسانی آمیزش کا جائزہ لیا جائے گا۔

## ii. بیانِ مسئلہ Statement of Problem

مجوزہ تحقیقی کام "اردو بلاگز کے املائی اور ذولسانی مطالعے" کے حوالے سے ہے۔ سوشل میڈیا جو اس وقت سب سے زیادہ عوامی ہے۔ عہد حاضر کا سب سے بڑا ہتھیار ہے۔ اردو ایک ایسی زبان ہے جس میں ہر زبان کے الفاظ لکھنے، ادا کرنے، بولنے یا پڑھنے کی صلاحیت بدرجہ اتم موجود ہے اردو املا میں حروف کی شکلیں بدلتی رہتی ہیں۔ اس مقالے میں منتخب اردو بلاگز کا املائی مطالعہ کیا جائے گا، املا کی اغلاط دیکھی جائیں گی۔ املا کے مسائل کس حد تک موجود ہیں۔ اس کی کیا وجوہات ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ زبان اور ذولسانی الفاظ کا جائزہ بھی لیا جائے گا اور دیگر زبانوں کے الفاظ کے استعمال کی وجوہات بھی سامنے لائی جائیں گی۔ ذولسانیت کے تناظر میں وہ الفاظ جن کے اردو مترادفات ہیں اور وہ الفاظ جن کے مترادفات موجود نہیں ہیں ان کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ اردو املا میں اصلاح کس حد تک ممکن ہے اور تغیر کہاں کہاں پایا جاتا ہے نیز املا نے زبان کے معیار پر کیا اثرات مرتب کیے۔ اس کے علاوہ بلاگز میں لسانی آمیزش (کوڈ مکسنگ) کی نوعیت کیا ہے اور کوڈ مکسنگ کی جانب بلاگز کے جھکاؤ کی وجوہات کیا ہیں۔

## iii. مقاصد تحقیق Research Objectives

مجوزہ موضوع کے حوالے سے درج ذیل مقاصد اہم ہیں:

1. اردو بلاگز میں املا کی اغلاط کا جائزہ لینا۔
2. اردو بلاگز میں انگریزی زبان کے حوالے سے لسانی آمیزش (کوڈ مکسنگ) کی نوعیت اور اس کی وجوہات تلاش کرنا۔
3. اردو بلاگز میں املا کی اصلاح اور زبان کے معیار کا جائزہ لینا۔

## iv. تحقیقی سوالات Research Questions

مجوزہ موضوع کے حوالے سے درج ذیل سوالات اہم ہیں:

1-اردو بلاگز میں املا کی اغلاط کون کون سی ہیں نیز اس کے مسائل کس نوعیت کے ہیں؟

2-اردو بلاگز میں انگریزی زبان کے حوالے سے لسانی آمیزش (کوڈ مکسنگ) کی صورتوں کا کس طرح اطلاق کیا گیا ہے نیز زبان پر اس کے اثرات کیا ہیں؟

3-منتخب اردو بلاگز کے تحریری مواد میں املا کی اصلاح کیسے کی جائے اور آن لائن مواد میں زبان کو کیسے بہتر بنایا جائے؟

## v. نظری دائرہ کار Theoretical Framework

مجوزہ تحقیقی موضوع "سوشل میڈیا اور اردو زبان: منتخب اردو ادبی بلاگز کا املا اور ذولسانیت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ" پر مبنی ہے۔ اس وقت سوشل میڈیا پر اردو بلاگز میں جو املا استعمال ہو رہا ہے، وہ درست اور متعین املا سے مختلف ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اردو املا پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ املا کے لغوی معنی "پر کرنا، یاد رکھنا یا لکھوانا"۔ اصطلاح میں اس کا مطلب رسم الخط کے مطابق صحت سے لکھنا کے ہیں۔ شعراء اور ادیبوں کے ہاں اردو املا کی صحت و درستی کے حوالے سے کوششیں ملتی ہیں۔ یہ کاوشیں سرکاری اور انفرادی دونوں سطحوں پر موجود ہیں۔ سرکاری سطح پر ہندوستان میں انجمن ترقی اردو بورڈ اور پاکستان میں مقتدرہ قومی زبان کے تحت جو سمینار منعقد ہوا اس کی سفارشات ہیں جو اعجاز راہی نے مدون کی ہیں۔ انجمن ترقی اردو بورڈ نے اعراب، رموزِ اوقاف، املا کے قواعد مرتب کیے اور اصلاح زبان کی کوشش کی انجمن نے ہائے خفی، الف مدودہ اور املا کے دیگر مسائل پر تفصیل سے بات کی ہے۔

مقتدرہ قومی زبان نے املا کے جو اصول متعین کیے اس حوالے سے اعجاز راہی کی املا ور موزِ اوقاف کو مدنظر رکھا جائے گا۔ اعجاز راہی کی تدوین کی گئی سفارشات میں صحت املا کے اصول و قواعد کو دیکھا جائے گا۔ اس طرح بلاگز کا املائی جائزہ انجمن ترقی بورڈ اور مقتدرہ قومی زبان کے بیان کردہ اصولوں کے مطابق لیا جائے گا۔ ان میں سے چند اصول یہ ہیں۔

1-کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کے آخر میں "ی" ہوتی ہے اس پر "ء" کبھی نہیں آئے گا۔ اسی طرح جن لفظوں کے آخر میں "ے" ہو گی وہاں بھی ہمزہ "ء" نہیں آئے گا مثلاً پے دنیا، شے لطیف وغیرہ۔

2-اسی طرح اردو ہندی کے بہت سے الفاظ جن کے آخر میں الف آتا ہے۔انھیں عربی فارسی کی تقلید میں "ہ" سے لکھنا غلط ہے۔ مثلاً اڈا درست املا ہے اسے اڈہ 'ہ' سے لکھنا غلط ہے۔

3-کسی خاص لفظ کے لیے جو حروف مخصوص ہیں وہ لفظ انھی حروف کی مدد سے لکھا گیا ہو مثلاً علم (جھنڈا) کو ع-ل-م کے بجائے الف—ل-م سے لکھنا صحیح نہ ہو گا۔

4-حروف کو باہم ملانے سے جو اصول مقرر ہیں ان کی پابندی کی گئی ہو یعنی ہر لفظ میں حروف اور ان کے شوشے اور جوڑ وغیرہ کسی ضابطے کے تحت بنائے گئے ہوں۔

5-حسب ضرورت لفظ کے حروف پر اعراب یعنی زیر، زبر اور پیش، تشدید و تنوین وغیرہ کے نشانات بنائے گئے ہوں۔

اس طرح سے املا کے زمرے بناتے ہوئے تمام اصولوں کو مد نظر رکھا جائے گا۔ جبکہ انفرادی سطح گوپی چند نارنگ کے املانامہ کو دیکھا جائے گا۔ گوہر نوشاہی کی اردو املا اور رموزِاوقاف، عبدالستار صدیقیکے مضامین اور مرتبہ کتب کی بنا پر درست املا کا تعین کیا جائے گا۔ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے بھی اردو املا اور رسم الخط کے اصول و مسائل بیان کیے ہیں۔ فرمان فتح پوری کے مطابق املا سے مراد کسی لفظ کو مقررہ کردہ ضابطوں کے ساتھ اس طرح لکھنا ہے کہ بولنے اور پڑھنے میں اسے صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کیا جائے۔اسی طرح صحت زبان کے حوالے سے ماہر لسانکہتے ہیں کہ اردو میں لفظوں کو ملا کر لکھنے کا جو رجحان ہے۔اس سے بسا اوقات تلفظ میں بڑی گڑ بڑ ہو جاتی ہے۔اس لیے رشید حسن خان اور بعض دیگر علمائے زبان لفظوں کو توڑ کر لکھنے کے قائل ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ ذولسانیت کے حوالے سے اردو زبان میں انگریزی کی لسانی آمیزش (کوڈ مکسنگ) پائی جاتی ہے۔ ہم ان بلاگز کا ذولسانی مطالعہ "لسانی آمیزش" کے حوالے سے کریں گے۔زیر نظر مقالے میں ان انگریزی الفاظ کا جائزہ لیا جائے گا جن کے اردو مترادفات موجود ہیں۔اس کے باوجود انگریزی متبادلات کے استعمال کا رجحان ہے۔

مذکورہ بالا اصولوں کو مد نظر رکھ کر ہم لسانی جائزہ میں، املا اور ذولسانیت کے الفاظ کا جائزہ لیں گے اردو بلاگز کو ان مصنفین کے بتائے گئے اصولوں کے مطابق دیکھیں گے۔ دوسرا انگریزی زبان کے الفاظ کو دیکھا جائے گا خصوصاً ایسے الفاظ جن کا اردو متبادل موجود ہے اور وہ انگریزی میں استعمال ہو رہے ہیں۔ یہ مقالہ اسی سلسلے کی ایک کاوش ہے۔

## vi. تحقیقی طریقہ کار Research Methodology

مجوزہ تحقیق کا موضوع اردو بلاگز کے خصوصی حوالے سے ایک املائی اور ذولسانی جائزہ ہے۔اس لیے موضوع کی تکمیل کے لیے اردو بلاگز "ہم سب، دانش، ایک روزن اور لال ٹین" کو شامل کیا گیا ہے۔اس میں زبان، املا اور لسانی آمیزش کو دیکھا جائے گا۔، وہ کتب جس میں املائی جائزہ لیا گیا ہے ان کو دیکھا جائے گا۔املا کے حوالے سے رسائل و جرائد اور ادبی مجلوں میں چھپنے والے آرٹیکلز و مضامین کو دیکھا جائے گا۔ذولسانیت پر موجود مضامین کو دیکھا جائے گا۔اس کے ساتھ ساتھ آن لائن طریقہ تحقیق اختیار کیا جائے گا۔ جس میں دو طرح کے طریقہ تحقیق شامل ہیں۔ایک "آن لائن کیفیتی طریقہ کار" جسے انگریزی میں qualitative research کہا جاتا ہے اور دوسرا "آن لائن تجزیاتی طریقہ تحقیق" جسے انگریزی میں analytical research کہا جاتا ہے۔ان طریقوں کے ذریعے آن لائن مواد اکٹھا کرنا اور آن لائن بلاگز کا اس طریقے سے املائی اور ذولسانی جائزہ لینا اس تحقیق کا طریقہ کار ہو گا۔املائی جائزہ میں املا کی اغلاط، مسائل، نوعیت اور وجوہات کا جائزہ لیا جائے گا جبکہ ذولسانی میں دو طرح کے الفاظ کا جائزہ لیا جائے گا ایک وہ الفاظ جو رومن اردو میں لکھے جاتے ہیں جن کے مترادفات موجود ہیں اور دوسرے وہ الفاظ جن کے اردو میں مترادفات موجود نہیں ہیں۔کوڈ مکسنگ کے لیے بنیادی کتب کے علاوہ اردو اور انگریزی قواعد و لغات کا بھی مطالعہ کیا جائے گا۔ماخذات تک رسائی کے لیے انٹرنیٹ سے استفادہ کیا جائے گا۔

## vii. مجوزہ موضوع پر ماقبل تحقیق Work Already Done

اردو بلاگز کے املائی جائزہ پر اس سے قبل کوئی کام نہیں کیا گیا۔البتہ دیگر حوالوں سے املائی جائزہ لیا گیا ہے۔ ااردو اخبارات، اردو کالم، پاکستان میں اردو لسانی تحقیق کے حوالے سے لسانی جائزہ لیا گیا ہے۔جن کی تفصیل یہ ہے۔

1- اردو اخبارات کی زبان اور املا کا جائزہ، مقالہ نگار یوحنا مسیح، نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، جنوری 2020ء۔

2- پاکستان میں اردو کالم نگاری کا لسانی تجزیہ، مقالہ نگار نثار احمد، نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، دسمبر 2015ء۔

3- پاکستان میں اردو لسانی تحقیق،، مقالہ نگار ظفر احمد، نیشنل یونی ورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، فروری 2014ء۔

4- نیرنگ خیال، محمد حسین آزاد کا لسانی جائزہ، مقالہ نگار زیب النساء، علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد، 2012ء۔

اس سے واضح ہوتا ہے کہ لسانی حوالے سے متعدد کام کیے گیے ہیں دور حاضر میں اردو بلاگنگ کا جو چلن ہے اس میں بھی املائی اور ذولسانی جائزہ کی ضرورت ہے۔ یہ مقالہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

## viii. تحدید Delimitation

مجوزہ تحقیقی موضوع "سوشل میڈیا اور اردو زبان: منتخب اردو ادبی بلاگز کے املائی اور ذولسانیت کے تناظر میں تحقیقی جائزہ" پر مبنی ہے۔ جس میں ہم سب، دانش، ایک روزن اور لال ٹین کو بنیادی ماخذ کی حیثیت حاصل ہو گی۔ ان بلاگز میں جنوری تا دسمبر 2020ء تک کے اردو بلاگز کی املا اور ذولسانیت کے حوالے سے تحقیق شامل ہے۔ اس حوالے سے بلاگز کی زبان، املا اور دیگر زبانوں کے الفاظ کے استعمال کا جائزہ لیا جائے گا۔ چوں کہ میڈیا نے ترقی کی تو زبان میں بھی دیگر علاقائی زبانوں کے الفاظ کی بھرمار ہو گئی۔ اس لیے مقالے میں منتخب اردو بلاگز کے تحریری مواد میں لسانی اغلاط کی وجوہات بیان کی جائیں گی۔ زیر تحقیق مقالے کو منتخب کردہ چار بلاگز تک محدود رکھا جائے گا اور ایک سال تک کی تحقیق پر مبنی ہو گا۔

## ix. پس منظری مطالعہ Literature Review

مجوزہ موضوع کے لیے "لسانی مطالعے" پر لکھی گئی کتب، مضامین اور آرٹیکلز کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ یہ مقالہ چونکہ اردو بلاگز کے املائی جائزہ پر مبنی ہے۔ اس لیے ماہر لسانیات رشید حسن خان کی اردو املا کے حوالے سے کتاب کا مطالعہ شامل ہے۔ اعجاز راہی کی مرتب کردہ سفارشات کا مطالعہ کیا گیا ہے۔ گوپی چند نارنگ کا املا نامہ شامل ہے۔ ڈاکٹر گوہر نوشاہی کی اردو املا اور رموز اوقاف شامل ہے۔ اردو املا کے حوالے سے فرمان فتح پوری کی کتاب کا مطالعہ اور اس میں لکھے گئے دیگر ماہر لسانیات کے لکھے گئے مضامین کا مطالعہ بھی شامل ہے۔ منتخب بلاگز کی تفہیم کے لیے اردو بلاگز کے آن لائن مضامین سے استفادہ کیا گیا ہے۔ اردو زبان کے حوالے سے اخبار اردو میں ماہوار چھپنے والے آرٹیکلز کا مطالعہ شامل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ذولسانیت کے حوالے سے اردو انگریزی، مشترک ذخیرہ الفاظ کتاب کا مطالعہ کیا گیا ہے۔

## x. تحقیق کی اہمیت:-

مجوزہ تحقیقی کام، "سوشل میڈیا اور اردو زبان: منتخب اردو ادبی بلاگز کا املا اور ذولسانیت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ " پر مشتمل ہے۔ اردو بلاگز میں زبان کے جائزے سے ایسے پہلو سامنے آئے ہیں جو ابھی تک پس پردہ رہے ہیں۔ املا کے بے شمار مسائل بلاگز میں موجود ہیں۔ اگر املا درست نہ ہوگا تو کوئی بھی اس کے تلفظ کو ادا نہیں کر سکے گا اور نہ ہی مفہوم تک رسائی حاصل کر سکے گا جس کی وجہ سے اردو املا میں انتشار اور عدم یکسانیت پیدا ہوگی۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ لسانی جائزہ کی اہمیت کسی زبان کو زندہ رکھنے کے لیے کتنی زیادہ ہے۔ یہ مقالہ اسی سلسلے کی ایک کاوش ہے۔

## ب: بلاگ اور اس کی زبان:-

زبان رابطے کا ایک ذریعہ ہے جسے معلومات کا تبادلہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ معلومات کا تبادلہ تحریری طور پر ،اشاروں سے، اشتہارات سے،علامتوں سے یا براہ راست کلام کی مدد سے ممکن ہے۔ بولنے، بات کرنے ،اپنے احساسات، جذبات و خیالات کو دوسروں تک پہچانے کے صوتی اور لفظی وسیلے کو زبان کہتے ہیں۔ زبان ایک ایسی حقیقت ہے جس میں تبدیلیاں آتی رہتی ہیں۔ اللہ نے انسان کو نطق کی صلاحیت سے نوازا ہے اور نطق کی ترسیل کا وسیلہ لفظ ہوتا ہے جو آواز یا آوازوں پر مشتمل ہوتا ہے ان کو ہم حروف کہتے ہیں الفاظ اپنی آواز کی لہروں کی شکل میں اصوات کہلاتے ہیں اصوات کے مجموعے سے کلام تشکیل پاتا ہے یہی کلام جب املا کی شکل میں ہمیں نظر آتا ہے تو تحریر کہلاتا ہے۔ زبان ایک سماجی ضرورت ہے یہ سماج میں ہی بنتی، بگڑتی اور سنورتی ہے۔ زبان سماج کو جوڑتی ہے یہ تہذیب و تمدن کی تعمیر و تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ زبان خواہ تحریری ہو یا بولی جانے والی اس میں ہر سطح پر تبدیلی آتی رہتی ہے جس زبان کے بولنے والوں کا حلقہ جتنا وسیع ہو گا وہ زبان اتنی ہی مضبوط، مستحکم اور مہذب ہو گی۔ [1]

بقول خلیل صدیقی:-

> "زبان ایک سماجی ورثہ ہے اور سماج ہی کے نطقی اعمال سے یہ ورثہ نہ صرف محفوظ رہتا ہے بلکہ اس میں قطع و برید بھی ہوتی رہتی ہے اور اضافہ بھی یہ سب کچھ افراد کے توسط سے ہی ہوتا ہے"۔ [2]

زبانیں کسی نہ کسی حقیقت سے زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھتی ہیں اسی بناپر عوام سے وابستہ رہتی ہیں دراصل زبان کا تہذیب سے بہت گہرا تعلق ہے۔ جس کے بغیر تہذیب کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ بقول ڈاکٹر سلیم اختر:-

"زبان علم اور تربیت کا ایک ذریعہ ہے۔ یہ کم سے کم وقت میں جدید ترین علم میں مدد دیتی ہے اس لیے اس سے کسی بھی فرد کی شناخت تبدیل نہیں ہوتی"۔(3)

اردو میں لفظ زبان دو معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ ایک اس سے مراد جسم کا وہ عضو ہے جس کی مدد سے انسان بولتا ہے جبکہ دوسرا وہ جس کی مدد سے انسان اظہار کرتا ہے۔ اردو میں زبان کے سائنسی مطالعہ کا رجحان کم ہے محمد حسین آزاد نے زبان کی یہ تعریف کی ہے:

"وہ اظہار کا وسیلہ ہے جو متواتر آوازوں کے سلسلے میں ظاہر ہوتا ہے، جنھیں تقریر یا بیان یا عبارت کہتے ہیں"۔(4)

ڈاکٹر محی الدین قادری زور اردو کے پہلے دانش ور ہیں جو 1927ء سے 1931ء تک پیرس اور لندن کے اس دور کے مشہور ماہرین لسانیات سے براہ راست استفادہ کرتے ہوئے زبان کی ماہیت کے متعلق لکھتے ہیں:

"زبان خیالات کا ذریعہ ہے۔ اس کا کام یہ ہے کہ لفظوں اور فقروں کے توسط سے انسانوں کے ذہنی مفہوم و دلائل اور ان کے عام خیالات کی ترجمانی کرے اس ترجمانی میں وہ جسمانی حرکات بھی شامل ہیں جو کسی مفہوم کے سمجھانے کے لیے خاص زبان بولنے والوں کے درمیان مشترکہ ہوتی ہیں۔۔۔ خیالات کی ترجمانی کے لیے نطق یا قوتِ گویائی ہی ایک مکمل ترین اور سب سے زیادہ واضح ذریعہ سمجھی جاتی ہے۔۔۔ پس زبان کی تعریف ان الفاظ میں کی جاسکتی ہے کہ زبان انسانی خیالات اور احساسات کی پیدا کی ہوئی ان تمام عضوی اور جسمانی حرکتوں اور اشاروں کا نام ہے جن میں زیادہ تر قوتِ گویائی شامل ہے اور جن کو ایک دوسرا انسان سمجھ سکتا ہے اور جس وقت چاہے اپنے ارادے سے دہرا سکتا ہے"۔(5)

ڈاکٹر فرمان فتح پوری کے مطابق:-

"زبان دراصل انسان کی سماجی و معاشرتی ضرورتوں کی ایجاد ہے اور آج بھی کوئیئ زبان انہی ضرورتوں کے تحت وجود میں آتی ہے۔ سماجی زندگی ہی کے سہارے

ہر زبان اپنی ارتقائی منزلیں طے کرتی ہے اور اس کے زیر اثر اس کی صورت و معنی میں تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں"۔(6)

پس بلاگ سوشل میڈیا کا ایک سنجیدہ پلیٹ فارم ہے اس کے ذریعے آپ دنیا سے متعارف ہو سکتے ہیں اور ادب و سماج کو بہت کچھ دے سکتے ہیں۔ اکثر اساتذہ مضامین لکھتے ہیں جو رسالوں میں چھپتے ہیں ان مضامین کو بلاگ میں محفوظ کر لیں تو بہتر ہے۔ زیادہ تر مغربی ادیبوں اور شاعروں کی تفصیلات ان کے ذاتی ویب سائٹس یا بلاگ سے مل جاتی ہیں۔ اس وقت سوشل میڈیا پر اردو زبان کے وسائل پر کافی تفصیلات موجود ہیں۔ سوشل میڈیا اس وقت باہمی رابطے کا تیز ترین ذریعہ ہے۔ سوشل میڈیا پر اس وقت بلاگ میں استعمال ہونے والی زبان اردو ہے جو کہ پاکستان کی قومی زبان بھی ہے۔ قومی زبان قوم کے شیرازے کو مضبوط رکھتی ہے۔ اس زبان کی بدولت ہی آج یک جہتی و یک دلی قائم ہے۔ بلاگ کی زبان اردو ہے۔ اردو کی سب سے بڑی فوقیت اور ترجیح کی وجہ بھی یہی ہے کہ اردو درباری بھی ہے اور بازاری بھی، یہ عالموں کی زبان بھی ہے اور عامیوں کی بھی، شہریوں کی بھی ہے اور دیہاتیوں کی بھی۔ بلاگنگ میں بھی کثرت سے اس زبان میں ہر طرح کے موضوعات لکھے جا رہے ہیں۔ اس کا ہر لفظ، ہر جملہ ہر محاورہ اور روزمرہ کی ہر ترکیب ہماری تہذیب، ہمارے آداب اور ہماری معاشرت کی جڑوں تک پہنچی ہوئی ہے۔ بلاگ نویسی بلاشبہ اس وقت انٹرنیٹ کی اہم ترین سرگرمی شمار کی جاتی ہے۔ روزانہ لاکھوں لوگ بلاگز لکھتے یا بلاگز پڑھتے ہیں، بلاگز لکھنے کا یہ سلسلہ پھیلتا ہی چلا جا رہا ہے۔

اردو زبان کے حوالے سے اگر بلاگ نویسی کا جائزہ لیا جائے تو اردو زبان میں اور اردو زبان کے تعلق سے بھی انٹرنیٹ پر سیکڑوں بلاگ لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرتے نظر آئیں گے۔ بلاگ کسی سماجی سیاسی یا ثقافتی مسئلے پر اپنے موقف کا خاکہ بیان کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اس تیز رفتار ترقی نے اردو کو بھی زبردست انداز میں متاثر کیا ہے۔ اس لیے بلاگنگ کو آن لائن دنیا کی مقبول ترین صنف بھی کہا جاتا ہے۔

## ج: پس منظری مطالعہ

## 1- بلاگنگ کی تاریخ:-

تاریخ کے لفظی معنی اطلاع اور تحقیق معاملات کے ہیں۔ اصطلاح میں تاریخ اس وقت کے بتانے کا نام ہے جس میں زاویوں کے حالات وابستہ ہوں۔ انگریزی کے لفظ ہسٹری کے معنی بھی یہی ہیں۔ تاریخ ایک ایسا مضمون ہے جس میں ماضی میں پیش آنے والے لوگوں اور واقعات کے بارے میں معلومات ہوتی ہیں۔

بقول کالنگ وڈ:- "تاریخ تحقیق و تفتیش کا نام ہے"۔

بقول پروفیسر ڈبلیو واش:-

"تاریخ کا اصل مقصد ہے لوگوں کو ان کے دور کے کردار سے دوسرے دور کے تقابلی جائزے کی مدد سے واقف کروانا"۔[8]

پاکستان میں بلاگنگ کے آغاز کے بارے میں طارق مصطفٰی کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ جغرافیہ پر اثر انداز ہوا ہے۔ جغرافیہ کی اب وہ حیثیت باقی نہیں رہی۔ پاکستان میں بھی بلاگنگ کے آغاز کے لیے کچھ ویب سائٹس تھیں۔ بلاگ تحریر کرنے کے لیے بلاگ سپاٹ موجود تھا۔ نئے لکھنے والوں کے لیے سلیش ڈاٹ اور دیگر مشہور ویب سائٹس تھیں۔ گوگل نے ابھی تک اس درجے ترقی نہیں کی تھی۔ بلاگ سپاٹ کی سہولت بھی موجود نہیں تھی۔ ان ویب سائٹس نے بلاگ لکھنے کی سہولت فراہم کی۔

شروع میں پاکستانی بلاگستان کا زیادہ تر ٹیکنالوجی سے متعلق خبریں دیتا تھا اور ان پر روزمرہ زندگی کے حالات و واقعات تحریر کیے جاتے تھے۔۔ بلاگنگ چوں کہ ایک پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے بندہ سوشل میڈیا پر ایکٹو رہتا ہے۔ اس کے لیے بلاگر کو ایک موضوع کا انتخاب کرنا ہوتا ہے۔ قارئین کے تبصرہ جات سے بلاگر رہنمائی بھی لے سکتا ہے۔ آہستہ آہستہ بلاگ لکھنے والوں کی تعداد بڑھتی چلی گئی۔ بلاگ کو پڑھنے والے بھی بہت زیادہ ہو گئے۔ اس طرح ادبی دنیا میں بلاگ معروف ہو گئے۔

برٹنڈر سل تاریخ نویسی کے حوالے سے لکھتے ہیں:-

"تاریخ ایک دلچسپ مضمون ہے اور اس کا مطالعہ انسان کو جرات مندی کا جذبہ عطا کرتا ہے"۔[10]

رضا رومی ایک لکھاری ہیں۔ صحافت کے شعبہ سے بھی وابستہ ہیں۔ رضا پاکستانی بلاگستان پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ وہ پاکستانی بلاگستان کی ترقی کے اقدامات بھی کرتے رہتے ہیں۔ اس بارے میں کہتے ہیں:

"پاکستان میں بلاگنگ کا آغاز کچھ دیر سے ہوا۔ ابتدا میں بیرونِ ملک رہنے والے پاکستانیوں نے بلاگنگ کا آغاز کیا اور انھوں نے ہی بلاگنگ میں اہمیت حاصل کی۔ اگر مجموعی طور پر دیکھا جائے تو تعداد کے اعتبار سے پچھلے پانچ سالوں میں پاکستانی بلاگنگ میں کئی گنا زیادہ اضافہ ہوا ہے"۔[11]

## اردو بلاگنگ:

جب بلاگنگ کا آغاز ہوا اس وقت اردو لکھنا مشکل کام تھا۔ انگریزی کے جو بلاگز شائع ہو رہے تھے وہ بلاگنگ ٹولز کی مدد سے لکھے جا رہے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ انگریزی بلاگ ترقی کر رہا تھا اور اردو بلاگ اس درجے تک نہیں پہنچا تھا۔ پہلا اردو بلاگ عمیر سلام نے شائع کیا۔ یہ بلاگ 2002ء اکتوبر میں منظرِ عام پر آیا۔ یہ بلاگ انھوں نے اپنی صاحبزادی عالیہ کے جنم دن پر لکھا تھا۔

اردو بلاگنگ کرنے والوں نے اپنی مدد خود کی اور ویب پر اردو بلاگ کو مقبول بنایا۔ انھوں نے اردو ویب سائٹ کی بنیاد رکھی۔ جس کا نام اردو ویب ڈاٹ تھا۔ اس کا مقصد کمپیوٹر پر اردو لکھنے کے لیے ٹولز مہیا کرنا تھا۔ جس کے ذریعے اردو میں بلاگنگ کے لیے راہیں ہموار کرنا تھیں۔ بلاگرز کی ان تمام کاوشوں سے اردو بلاگز کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ اس طرح ویب پر بہت سے اردو بلاگ بن گئے جو باقاعدہ شائع ہوتے ہیں۔

اب بلاگرز نئے نئے موضوعات پر بلاگ لکھ رہے ہیں۔ مذہب، سیاست، معاشرت، ادب، فلسفہ، کھیل ہر ہر موضوع پر بلاگ لکھے جا رہے ہیں۔ پاکستان میں جب الیکٹرونک میڈیا نے ترقی کی تو ہر شعبے پر اثر ہوا۔ پاکستانی بلاگستان نے بھی اس دور میں خوب ترقی کی۔ اب نئے نئے موضوعات پر بلاگز لکھے جانے لگے۔ قارئین ان بلاگز پر سیاسی تبصرہ بھی کرنے لگے۔ اس سے بلاگنگ کو فروغ ملا۔

عادل نجم اور اویس مغل نے معاشرت، ثقافت، تاریخ اور سیاست پر خوب لکھا۔ بی بی سی اردو بلاگ بھی اسی لیے مشہور ہے۔ بی بی سی پر ادیب، بلاگز تحریر کرتے ہیں۔ قارئین کو اچھے بلاگز پڑھنے کے لیے ملتے ہیں۔ اسی ویب سائٹ سے متاثر ہو کر بہت سی نئی بلاگنگ سائٹس کا آغاز ہوا۔(10)

**پاکستان میں بلاگنگ کا مستقبل:-** سن 2009ء میں بلاگرز کی کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس میں بلاگرز نے نئے نئے موضوعات پر بات کی۔ اس کے بعد سندھ کی معلواتِ عامہ نے بلاگرز کی کانفرنس منعقد کی۔ اس کے بعد میڈیا پر کچھ پاکستانی بلاگرز نے نئی نئی اصطلاحات متعارف کروائیں۔ تب ویب پر اردو بلاگنگ کی اہمیت کا اندازہ لگایا گیا۔ آج کل پاکستان کے بہت سے اردو اور انگریزی اخبارات کی ویب سائٹ پر بلاگ موجود ہیں۔ یہ بلاگرز فیس بک، ٹوئٹر، سنیپ چیٹ پر بھی بلاگز بڑھا رہے ہیں۔

پاکستان میں انگریزی بلاگ ،اردو بلاگ سے زیادہ معروف نظر آئے۔ کچھ بلاگرز اسی وجہ سے سیکولر سمجھے جاتے ہیں۔ جب کہ کچھ مذہبی، کلاسیک روایات کے امین لگتے ہیں۔ سیاسی، معاشرتی، معاشی کے علاوہ فیشن، کھیل، اسپورٹس، معیشت پر بھی کثرت سے بلاگ دکھائی دینے لگے۔

پاکستانی بلاگستان نامناسب حالات کے باوجود اپنے مقام پر قائم ہے۔ بلاگ دن بہ دن بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ موضوعات بہتر سے بہتر ہو رہے ہیں۔ اب دن کے ہر گھنٹے میں نئے سے نئے موضوعات پر بلاگ تحریر ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ آج اخبار کی جگہ لوگ ڈیجیٹل ڈائری پر آن لائن دکھائی دیتے ہیں۔ اس وجہ سے پاکستان میں انٹرنیٹ کے استعمال میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ اسی کے ساتھ بلاگنگ میں بھی بہت ترقی ہوئی۔ اب رائے عامہ، تبصرہ جات وغیرہ نے ابلاغ کے نئے ذرائع پیدا کیے ہیں۔ ان سب میں پاکستانی بلاگستان کا کردار نمایاں ہے۔

## بلاگرز سے پہلے ادبی صحافت :-

صحافت لفظ "صحیفہ" سے نکلا ہے جس کا مطلب کتاب یا رسالے کے ہیں۔ اصطلاح میں ایک عرصہ دراز سے صحیفہ سے مراد ایسا مطبوعہ ہے جو مقررہ وقفوں کے بعد شائع ہوتا ہے۔ چنانچہ تمام اخبار ورسائل صحیفے ہیں۔ انگریزی میں صحافت کو جرنلزم کہا جاتا ہے۔ جو کہ لفظ جرنل سے ماخوذ ہے۔ جو لوگ ان کی ترتیب و تجنیس اور تحریر سے وابستہ ہوتے ہیں انھیں صحافی کہا جاتا ہے۔ گویا صحافت کے دائرہ کار میں وہ تمام مطبوعہ مواد آجاتا ہے جو مقررہ وقفوں سے شائع ہوتا ہے۔ اس طرح تمام روزنامے، ماہ نامے، دوماہی، سہ ماہی، ششماہی یا اسی طرح کسی بھی مقررہ وقفے سے شائع ہونے والی تمام مطبوعات صحافت کے دائرے میں شامل ہیں۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ ایسی تمام مطبوعات جو مقررہ وقفے کے بعد شائع کی جاتی ہیں وہ صحیفے ہیں اور ان کی ترتیب و تنظیم کے فن کا نام صحافت ہے۔ ڈاکٹر عبدالسلام خورشید اپنی کتاب "فن کتابت" میں کہتے ہیں۔

> "صحافت کا لفظ صحیفہ سے نکلا ہے۔ صحیفہ کے لغوی معنی ہیں۔ کتاب یا رسالہ۔ بہر حال عملاً ایک عرصہ دراز سے صحیفے سے مراد ایسا مطبوعہ مواد ہے جو مقررہ وقفوں کے بعد شائع ہوتا ہے۔ چنانچہ تمام اخبار ورسائل صحیفے ہیں۔ جو لوگ ان کی ترتیب و تحسین اور تحریر سے وابستہ ہیں۔ انھیں صحافی کہا جاتا ہے۔ اور ان کے پیشے کو صحافت کا نام دیا گیا ہے"۔(15)

صحافت کی بہت سی قسمیں ہیں۔اکثر اخبار ورسائل سیاسی،ادبی،اطفال،خواتین، کھیل، فلم،سائنس ،طب، مذہب، اقتصادیات، جنسی اور جرائم صحافت پر مبنی ہوتے ہیں۔ان میں ادبی صحافت سب سے اہم ہے۔ادبی صحافت کے دائرے میں صحافت کا وہ حصہ آتا ہے جس کا تعلق زبان وادب سے ہو۔گویا ایسے تمام رسائل ادبی صحافت کے دائرے میں آئیں گے جن میں زبان وادب کے مختلف شعبوں سے متعلق تحریریں شامل ہوتیں ہیں۔ایسے رسائل میں زبان وادب سے متعلق تحقیقی وتنقیدی مضامین،شاعری اور نثری ادب کے نمونے،کتابوں پر تبصرے،زبان وادب کے مسائل پر فیچر،ادبی اور لسانی صورت حال پر ادیبوں اور صحافیوں کی رائے وغیرہ شامل ہوتی ہے۔بقول آر کیمپ:-

"صحافت جدید وسائل ابلاغ کے ذریعے، عوامی معلومات،رائے عامہ اور عوامی تفریحات کی باضابطہ اور مستند اشاعت کا فریضہ ادا کرتی ہے"۔[16]

ادبی صحافت کا بنیادی مقصد ادب کی تفہیم میں مدد کرنا اور عوام میں ادب کا ذوق پیدا کرنا ہوتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ بہت سے ایسے فن کاروں اور ادیبوں کو منظر عام پر لانا بھی اس کے مقصد میں شامل ہے جو اپنی بعض مجبوریوں کی بنا پر عوام کے سامنے نہیں آپاتے ہیں۔اردو میں ایسی صحافت تقریباً اخبار ورسائل کرتے ہیں۔

اردو میں ادبی صحافت کا آغاز "خیر خواہ ہندو" سے ہوتا ہے جو 1937ء میں مرزاپور سے آرسی ماتھر کی ادارت میں شائع ہوا تھا۔اکیسویں صدی میں ادبی صحافت کے سامنے کئی بڑے چیلنج ہیں۔ ٹیکنالوجی کی سطح پر اخبارات اور رسائل ترقی تو کر رہے ہیں لیکن زبان وبیان اور مواد اور معیار کے اعتبار سے بچھڑ رہے ہیں۔آج اردو پڑھنے والوں کی کمی ہے۔لوگ سوشل میڈیا کا استعمال کثرت سے کر رہے ہیں۔اب اخبار ورسائل خریدنا، پڑھنا اور اپنے ڈرائنگ روم کی میز پر رکھنا معیوب سمجھتے ہیں۔اس کی جگہ آن لائن مضامین،آرٹیکلز اور ڈیجیٹل ڈائری کو فوقیت دیتے ہیں۔

اکیسویں صدی سائنس اور ٹیکنالوجی کی صدی ہے۔جدید ایجادات اور جدید دریافتوں کے سبب روز نئے نئے انکشافات ہو رہے ہیں اور یہ بھی حقیقت ہے کہ سائنسی انکشافات،دریافتیں اور نئی نئی تحقیقات ابھی اپنی آخری منزل کو نہیں پہنچی ہیں بلکہ جب تک دنیا ہے اس وقت تک ایسے انقلابات ہوتے رہیں گے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ہر وہ شے جو آج انسان کی ضروریات میں شامل ہے کل وہ بیکار ثابت ہو جائے گی۔اس کی جگہ کوئی دوسری ایجاد قابض ہو جائے۔آج جدید سائنسی ٹیکنالوجی نے دنیا کو جام جم میں تبدیل کر دیا ہے اور انسان کی زندگی کے

تصور کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ جب زندگی جینے کے طریقے بدلیں گے تو اس انقلاب سے اس کی تہذیب اور زبان لازمی طور پر اثر انداز ہوگی۔ ڈاکٹر محمد شاہد حسین نے اپنی مشہور کتاب ابلاغیات میں لکھا ہے کہ

> "صحافت خبر ہے، اطلاع ہے، جانکاری ہے۔ صحافت عوام کے لیے عوام کے بارے میں تخلیق کیا گیا مواد ہے۔ یہ سن بھر کے واقعات کو تحریر میں نکھار کر آواز میں سجا کر تصویروں میں سمو کر انسان کی اس خواہش کی تکمیل کرتی ہے جس کے تحت وہ ہر نئی بات جاننے کے لیے بے چین رہتا ہے۔"(17)

اکیسویں صدی میں زبان و ادب کے سامنے یہ ایک بڑا چیلنج ہے کہ آخر ادب کس طرح بدلتے ہوئے زمانے کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرے۔ عالمیت کی وجہ سے زندگی کے تمام شعبوں میں انقلاب برپا ہو گیا ہے۔ جس کی شدت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔ ادب میں بھی کچھ اس طرح کی تبدیلی رونما ہو رہی ہے۔ جب زندگی جینے کے طریقے بدل رہے ہیں تو زندگی کے آئینے یعنی ادب میں بھی ہماری تصویر بدلے گی۔ یہ ایک فطری عمل ہے عہد جدید میں وہ ادب اور ادبی صحافت اپنا وجود قائم رکھ سکتی ہے جو وسیع سے وسیع تر ہوتے ہوتے بازار کی طاقتوں کا مقابلہ کرنے کی قوت رکھتے ہوں جو معقولیت پسندی پر مبنی فروغ انسانی وسائل کے توسط سے مہارت پیدا کرتے ہوں۔

ایک مشہور کتاب "رہبر اخبار نویسی" میں مصنف سید اقبال قادری نے "انسائیکلوپیڈیا آف امریکانا" کے حوالے سے لکھا ہے:-

> "Journalism is the collection and periodical dissemination of current news and events or more strictly the business of managing editing or writing for journal and newspapers".(18)

اکیسویں صدی میں ادبی صحافت بھی جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگی پیدا کر کے اس کے شانہ بشانہ ہے۔ آج 'دستک ڈاٹ کام"، دیدا اور ڈاٹ "، "جدید ادب ڈاٹ کام، میزراب ڈاٹ ہوم، نوائے ٹوکیو، شعر و سخن، ڈیشن ٹورینٹو، تحریر نو، تخلیق نو، وقار ہند، واسطہ نیٹ ڈاٹ کام اور بصیرت آن لائن وغیرہ بڑی تعداد میں انٹر نیٹ پر ادبی صحافت کی سائٹ ہیں۔ ساتھ میں فیس بک، ٹویٹر، واٹس ایپ، وائبر وغیرہ پر بھی خوب اشعار، غزلیں، افسانچے پوسٹ ہو رہے ہیں اور ان سب کا دائرہ بین الاقوامی ہے۔ موجودہ صحافت میں لسانی تغیرات

بڑی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ یہ پرنٹ میڈیا اور برقی مواصلات دونوں سطح پر نظر آرہے ہیں۔اس وجہ سے صحافتی زبان تبدیل ہو رہی ہے۔اگر لسانی حوالے سے تغیرات اور انگریزی کے بے جا استعمال کی طرف دیکھا جائے تو ہمیں بلاگز میں فراوانی سے یہ نظر آئیں گے۔اردو بلاگز میں استعمال کی جانے والی زبان میں اردو کے ساتھ بے جا انگریزی الفاظ کا استعمال ہے۔ یہ مقالہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

## 2-منتخب اردو ادبی بلاگز کا اجمالی جائزہ:-

بلاگ جس رفتار سے مشہور ہو رہے ہیں اس ترقی نے اردو زبان کو کافی حد تک متاثر کیا ہے۔ شروع میں بہت کم لوگ بلاگ لکھ رہے تھے۔ شعیب اختر کے بلاگ کو اردو کا پہلا بلاگ کہا جاتا ہے۔ پھر خاور کھوکھر نے کمپیوٹر پر ڈبے کی صورت میں بلاگ لکھنے کا آغاز کیا۔ 2005ء میں باقاعدہ اردو بلاگ لکھنے والے سامنے آئے۔ تب سوشل میدیا پر اردو تحریر کرنے کے لیے کی پیڈ، ویب سائٹ سامنے آنا شروع ہوئیں۔اردو محفل فورم منظرِ عام پر آیا۔اردو محفل نے کئی مختلف اردو کے سافٹ ویئر متعارف کروائے اور اس سے سوشل میڈیا پر اردو لکھنے میں بے پناہ اضافہ ہوا۔اردو بلاگنگ کے آغاز میں جو ویب سائٹس نمایاں اور معروف ہیں وہ یہ ہیں۔اردو پوائنٹ بلاگز، اردو ہوم بلاگز، اردو ٹیک بلاگز۔اس کے علاوہ جرنلسٹ جو اردو اخبار چلاتے ہیں۔ان میں روزنامہ دنیا، جنگ، ایکسپریس اور بی بی سی شامل ہیں۔

بلاگ کی شکایات اور ان کی آراء کو لینے اور اس کا اقدامات کرنے کا کوئی انتظام نہ کیا گیا۔ جس کی وجہ سے اردو بلاگران میں اس کمی کا احساس موجود تھا۔ پھر ان میں سے چند ایک نے ایک اور اردو بلاگنگ سروس شروع کی جس کا نام "**اردو ٹیک بلاگز**" رکھا۔ یہ کام بروقت ہو گیا کیوں کہ کچھ عرصہ قبل اردو ہوم بلاگز ختم کر دیے گئے۔

### اردو ٹیک بلاگز:-

اردو ٹیک بھی سافٹ ویئر ورڈ پریس کو استعمال کرتے ہوئے بلاگنگ سروس مہیا کرتی ہے۔البتہ اس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ ورڈ پریس تھیمز میں اردو پیڈ کو شامل کیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے تبصرہ کرنے والے اردو میں آسانی سے تبصرہ کر سکتے ہیں۔اردو ٹیک کی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ان کا بنیادی مقصد اردو لکھنے پڑھنے والوں کو انٹرنیٹ پر بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔اس کے ذریعے اظہار رائے کی آزادی ہے۔اردو ٹیک کی بلاگنگ سروس پر کچھ سہولیات دی گئی ہیں جو کہ یہ ہیں۔انتظامیہ کی جانب سے کوئی اشتہار نہیں چلایا جائے گا۔ صارف اپنے بلاگ پر اپنی مرضی کے اشتہارات لگا سکتے ہیں۔ قارئین کو اظہار رائے کی آزادی ہو گی۔[19]

اس کے ساتھ ساتھ اردو کے ادبی موضوعاتی بلاگز کو دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اردو بلاگنگ کے منظر نامے پر صریر خامہ وارث، غبار خاطر اور ناطقہ جیسے خالص ادبی بلاگز کی موجودگی، علم و ادب کے شعور و بالیدگی کے ساتھ سنجیدہ مزاجی کا حسین امتزاج ہیں۔ جس میں دورِ حاضر کی نمائندہ نسائی شاعری، اردو کے قدیم معروف شعراء، ادباء کا تعارف، اردو کی نئ بستیاں، اردو میں تنقید و تحقیق کے رجحانات، تحریکیں نمائندہ ادیب و شعراء کی تخلیقات کا انتخاب وغیرہ شامل ہیں۔ مثال کے طور پر مشتاق احمد یوسفی: شہ پارے!

یہ موضوعاتی بلاگ عصر حاضر کے نام ور طنز و مزاح نگار محترم جناب مشتاق احمد یوسفی کی تحریروں سے اخذ کردہ منفرد، متنوع اور لازوال شہ پاروں سے مزین کیا جارہا ہے۔

ابن صفی:-

ابن صفی ایشیا کے سب سے بڑے مصنف، مقبول ترین ناول نگار اور اردو کے جاسوسی ادب کو برصغیر میں روشناس کرانے والے قلم کار کا اسم گرامی ہے۔ اس بلاگ پر ابن صفی کی مزاحیہ تحریریں۔ ان کی شاعری، انٹرویوز، جاسوسی ناولوں کے پیش رس، اقتباسات اور ابن صفی پر لکھے گئے تاثراتی مضامین کے ساتھ ساتھ ابن صفی کے مام جاسوسی ناولوں کے دستیاب آن لائن ایڈیشن کے روابط بھی پیش کیے جارہے ہیں۔ اس کے علاوہ نثری ادب، طنز و مزاح، فلسفہ، مذہبیات، کھیل و تفریح، ٹیکنالوجی وغیرہ شامل ہیں۔

بلاگنگ کے مقبول ہونے سے پہلے ڈیجیٹل کمپیوٹنگ نے بہت سی شکلیں اختیار کیں جن میں usenet، تجارتی آن لائن خدمات جسے بائٹ انفارمیشن ایکسینج اور ابتدائی compuserveای میل کی فہرستیں اور بلیٹن بورڈ سسٹمز شامل ہیں۔ 1990ء کی دہائی میں انٹرنیٹ فورم سافٹ ویئر نے "تھریڈز" کے ساتھ چلنے والی گفتگو کو تخلیق کیا۔ دھاگے ایک ورچوئل "کارک بورڈ" پر پیغامات کے درمیان حالات سے متعلق رابطے ہیں۔ 14 جون 1993ء سے میوزک کمیونکیشنز کارپوریشن نے اپنی نئ ویب سائٹس کی what's nowفہرست کو برقرار رکھا۔

## جسارت بلاگ:-

جسارت اردو کا ایک اہم بلاگ ہے جس میں بے شمار رائٹرز کے بلاگز موجود ہیں۔ "جسارت بلاگ" جسارت میڈیا گروپ کی متعارف کردہ بلاگ ویب سائٹ ہے۔ جس پر دور حاضر میں ہونے والے واقعات کو مختلف موضوعات کے تحت قلم بند کیا گیا ہے اس بلاگ میں موضوعات کی نوعیت اس قسم کی ہے۔

1۔ معصوم آوارہ کا دیس اور وحشی بچے از محمد وقار بھٹی۔

2۔اسلامی معاشرے میں عورت کا مقام از دارین محمد۔

3 ہمارے معاشرے کا مظلوم طبقہ از ڈاکٹر محمد عدنان۔

4۔ تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے خود کشی کرے گی از شبانہ حفیظ۔

5۔جو پایا علم سے پایا از محمد نعیم۔

پس جسارت بلاگ ایک اچھا سلسلہ ہے، اس میں موجود تخلیقات مثبت پیغام لیے ہوئے ہیں۔ (22)

## ہم سب بلاگ:-

ہم سب جس کے مدیر وجاہت مسعود اور نائب مدیر عدنان خان کاکڑ ہیں۔ اس بلاگ پر بے شمار سیاسی، ادبی، سماجی، ثقافتی اور طبّی موضوعات پر تحریریں قلم بند کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ سیاسی و سماجی حوالے سے مختلف موضوعات پر بات کی جاتی ہے۔ جن میں انتہا پسندی کے گڑھ اسکول یا مدارس جو کہ راحیل افضل کا لکھا گیا بلاگ ہے۔ سیاسی حوالے سے محمد اظہر حفیظ کا بلاگ ہے جو کہ عمران حکومت پاکستان کو عالمی منڈی تک لے گئے کے عنوان سے تحریر کیا گیا ہے اس کے علاوہ ہم سب پر ہفتہ وار ادبی موضوعات پر تحریریں آتی رہتی ہیں۔ ہم سب پر بلاگ کے علاوہ کالم، منتخب تحریریں اور اداریے بھی تحریر کیے جاتے ہیں۔ مثلاً طلحہ حبیب نامی ایک بلاگر نے ہم سب بلاگ پر 14 نومبر 2021ء کو "صنف نازک اور اس کے استحصال" میں عورت کے عنوان پر ایک تحریر قلم بند کی۔ (23)

## دانش بلاگ:-

دانش ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جو مثبت تعمیری فکر کے ذریعے انسان کی فلاح اور بندگی کے لیے علمی اور ادبی کوششوں کو سراہتا ہے۔ دانش بلاگ کا مقصد ایسی تحریریں منظر عام پر لانا ہے جو تاریخ، فلسفہ، مذہب اور ادب کے ساتھ ساتھ عہد حاضر کے جدید سائنسی اور میکانکی موضوعات پر مشتمل ہوں۔ مختلف لکھاریوں کو یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنے تفکر کا بہترین طریقے سے ابلاغ کر سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ملکی ثقافت کی

ترویج کے لیے کوشاں رہنا بھی اس کا ایک مقصد ہے۔ دانش بلاگ زیادہ تر سماجی موضوعات پر تحریریں قلم بند کرتا ہے مثلاً 2 جنوری 2021ء کو قاسم یعقوب نے "طاقت وریعنی نقصان پہچانے کی صلاحیت رکھنے والا" کے موضوع پر تحریر لکھی ہے۔ اس کے علاوہ دور جدید میں خواتین کی ذمہ داریاں جو کہ احمد جاوید کی تحریر ہے۔[24]

## ہیلپ اردو:-

انٹرنیٹ پر اردو کے رجحان کی وجہ سے بہت سے بلاگ اردو میں بنائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ہیلپ اردو آرکائیو شدہ help urdu.com بھی ایک ایسا ہی بلاگ ہے جو مکمل اردو میں ہے۔[25]

اس کے علاوہ بہت سی نجی ویب سائٹوں کی فہرست ہے اور اردو ویب سائٹس کی فہرست ہے۔

# 3-سوشل میڈیا اور اردو زبان:-

## اردو زبان کی اہمیت:-

اردو پاکستان کی قومی زبان ہے اور قوموں کی بقا ایک ملک اور ایک قومی زبان کا تقاضا کرتی ہے۔ قومی زبان ذہنی آزادی مہیا کرتی ہے اردو صرف زبان کا نام نہیں ہے بلکہ ایک تہذیبی علامت ہے۔ دراصل زبان ہی قوموں کو پہچان اور شناخت دیتی ہے۔ پس قوموں کی تہذیبی، ثقافتی اور قومی شناخت کے پیچھے ایک بڑا عامل زبان ہی ہوا کرتی ہے۔ قومی زبان نہ صرف علاقائی رابطے کی زبان ہوتی ہے بلکہ اس کی صلاحیت میں ایسے امکانات بھی برابر موجود ہوتے ہیں جو اسے بین الاقوامی مقام تفویض کرتے ہیں۔ اس اعتبار سے قومی زبان اپنے کردار اور تاریخ کی بنا پر بین الاقوامی زبان ہوتی ہے اور اس کا دائرہ اثر وسیع تر ہوتا ہے۔ ڈاکٹر فرمان فتح پوری کے بقول:-

> "اردو کسی زبان کے بطن یا کسی خاص مذہب و قوم کے جبر واثر سے وجود میں نہیں آتی بلکہ معاشرتی ضرورتوں نے اسے جنم دیا۔ پاک وہند کے مختلف علاقوں اور صوبوں کے درمیان اگر کوئی رابطے کی زبان ہے تو صرف اردو ہے"۔[27]

دنیا کی دوسری زبانوں کی طرح اردو کا بھی اپنا ایک مزاج ہے۔ الگ قواعد ہیں الگ بولنے اور لکھنے کا ڈھب ہے۔ ترک و قبول کے اپنے ضابطے ہیں۔ الفاظ سازی کے اپنے طریقے ہیں۔ صرف ونحو کے اپنے اصول ہیں۔ واحد، جمع اور تذکیر وتانیث کے سلسلے میں تو اس کے اصول وضوابط اتنے مختلف ہیں کہ وہ عربی اور فارسی سے بہت دور جا پڑتی ہے۔ اردو ایک مکمل اور آزاد زبان ہے۔

## سوشل میڈیا:-

سوشل میڈیا ہماری زبان پر اثر انداز ہو رہا ہے۔ ہم بہت بڑی تہذیب اور بڑی زبان کے وارث ہیں۔ اس میں وہ عظیم ادب تخلیق ہوا جس کا اعتراف دنیا بھر میں ہے۔ یہ وہ زبان ہے جس کی تاریخ تین ساڑھے تین ہزار سال پرانی ہے۔ زبان دراصل لغت نہیں ہوتی بلکہ یہ گرائمر کا نام ہے، قواعد کا نام ہے یہ قواعد ہمیشہ موجود رہتے ہیں۔ اب ساری دنیا میں اردو زبان تخلیق کرنے والے اور اردو زبان بولنے والے موجود ہیں۔ اردو زبان ہندوستان کے لوگوں کی زبان تھی یہ مسلمانوں کی زبان نہیں تھی۔ زبان کسی نہ کسی ثقافت کا اظہار کرتی ہے۔ 1867ء میں بنارس میں اردو ہندی تنازعہ ہوا اور سر سید احمد خان نے اس پر افسوس کا اظہار کیا۔ رسم الخط کسی بھی زبان کا بڑا سرمایہ ہوتا ہے۔ جب رسم الخط تبدیل ہوتا ہے تو علمی سرمایہ ضائع ہو جاتا ہے۔ اس سے ماضی تک رسائی نہیں رہتی، ہمارا وجود مکمل نہیں ہوتا جب تک ہم اپنے ماضی، اپنی زبان سے جڑے نہیں ہوتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر جگہ انگریزی زبان کی اولیت رہی، ہماری زبان کے ساتھ یہ ایک مسئلہ تھا۔ لیکن ہمارے ادیبوں نے اردو زبان میں بڑا ادب تخلیق کیا۔ آپ کے وجود کی زمانت اور ثقافت آپ کی زبان کی وجہ سے ہے۔

علمی وادبی سرمایہ ہمارا (collective unconscious) ہوتا ہے۔ وہ قوم کی تخلیقی صلاحیتوں کا مظہر ہوتا ہے۔ سوشل میڈیا کسی بھی زبان کے لیے فائدہ مند ہو سکتا ہے اور خطرات کا باعث بھی، آج گلوبلائزیشن کا دور ہے۔ اس کا انحصار سرمایہ درانہ نظام پر ہے۔ جس سے تبدیلی آئی ہے۔ آج پاکستان، انڈیا، امریکہ سب ایک ہی برینڈ پہن سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا نے کلچر، زبان اور اس کے ہر ہر مرحلے کو تبدیل کیا ہے۔ آج کی جنریشن سوشل میڈیا کی دل دادہ ہے، اس جنریشن نے ہر تبدیلی کو دیکھا ہے اور قبول کیا ہے۔ انھوں نے جدیدیت سے مابعد جدیدیت کو دیکھا ہے سوشل میڈیا سے جہاں ہم بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں وہاں کچھ خطرات بھی لاحق ہے جو کہ درج ذیل ہیں۔

1. پہلا خطرہ رسم الخط کا ہے، رسم الخط کے ذریعے اپنا ماضی، اپنی زبان، اپنی تہذیب کو، اپنے اجتماعی لاشعور کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ آج سوشل میڈیا کے ذریعے اردو رسم الخط کو خطرہ ہے۔ اردو کے رسم الخط، قواعد اور املا کو سوشل میڈیا پر محفوظ کرنے کی ضرورت ہے۔
2. دوسرا خطرہ عبارت مکمل لکھنے میں مشکل ہوتی ہے جس سے اردو زبان کی چاشنی، خوب صورتی مسخ ہوتی ہے۔ سوشل میڈیا کی اردو زبان محاورے اور روز مرہ سے محروم ہے۔ آج ہم نے اپنی زبان کی تخلیقی قوت کو ضائع کرنا شروع کر دیا ہے۔

3. نئے زمانے کا ٹرینڈ ہے مخفف لکھ دیتے ہیں اس طرح لفظوں کی شکلوں سے محروم رہ گئے ہیں۔اردو زبان کے سوشل میڈیا پر آنے سے ایک مسئلہ یہ بھی ہوا ہے۔

4. کسی سے اظہارِ محبت کرنا ہو تو Signs آ گئے ہیں سوشل میڈیا پر جو زبان کی جگہ لیتے جا رہے ہیں، ہمارے احساسات و جذبات کو زندگی سے کاٹتے جا رہے ہیں۔ Emojis, Signs وہ احساسات کی ترجمانی کرنے کے لیے ناکافی ہیں۔ جو بات اردو کے الفاظ اور لفظوں کی تاثیر میں ہے وہ علامتوں میں نہیں ہے۔

5. آج سوشل میڈیا نے کتاب سے رابطہ ختم کر دیا ہے، آج سوشل میڈیا کی وجہ سے بچے اردو کلچر سے دور ہوتے جا رہے ہیں اور کہتے ہیں اردو مضمون سب سے زیادہ مشکل ہے

اردو زبان میں نئی تخلیقات کم ہو رہی ہیں دراصل دماغ کے سوچنے کا طریقہ کار زبان مرتب کرتی ہے۔ جب ہم انگریزی پڑھتے، لکھتے اور بولتے ہیں تو ہمارا دماغ انگریزی میں سوچتا ہے۔ اردو میں ہمارے پاس بہت ذخیرہ موجود ہے، اگر ہم اردو کو سوشل میڈیا پر بہت اہمیت دیں تو ہم سائنسی علم تخلیق کر سکتے ہیں۔اس کے لیے سب سے پہلے ہمیں اردو میں علم منتقل کرنا ہوگا۔اس کے لیے ضروری ہے کہ طالب علم اردو میں پڑھیں اور تخلیق کریں۔ ورنہ ہم اردو زبان سے ایک دن کٹ جائیں گے اور زبان سے کٹنے کا مطلب یہ ہے اپنی زندگی، اپنی تہذیب سے کٹ جانا اور اپنی شناخت کھو دینا اپنے وجود سے کٹ جانا۔ سوشل میڈیا پر تحریر و تقریر کی مکمل آزادی ہے۔ کسی کو بھی روکا نہیں جا سکتا۔ ہماری زندگی اب اس کے گرداب میں پھنس چکی ہے۔ سوشل میڈیا پر ہزاروں میل کا فاصلہ تو کم ہو گیا ہے لیکن آپس میں گھروں کے فاصلے بڑھ گئے ہیں۔یہ ایک Paradox (تضاد کی سی کیفیت) ہے کہ دو فٹ کا فاصلہ ہزاروں میل پر پہنچا دیا گھر بیٹھے ایک دوسرے سے بات نہیں کرتے اور ہزاروں میل دور سے رابطہ استوار کر لیا ہے یہ سب سوشل میڈیا اور سائنس کی ترقی کی بدولت ممکن ہوا ہے۔

سوشل میڈیا ایک ایسی تلوار ہے جس کے دونوں دھارے تیز ہیں۔ سوشل میڈیا پر اردو رسم الخط کے لیے Motivation کی ضرورت ہے چونکہ زبان ایک طاقت ور میڈیم ہے۔ زبان صرف بولنے والوں کے ساتھ زندہ رہتی ہے۔ ہمارے آپس کے تعلق کی بنیاد تو اردو ہی ہے۔ اگر قومی زبان کو سرکاری زبان بنایا جاتا تو یہ طاقت ور بھی ہوتی۔ آج سوشل میڈیا کا دور ہے ہمیں اردو کو مکمل طور پر معاشرے کی زبان بنانا چاہیے۔ ہم بولنے والی قوم ہیں ہمارے پاس عظیم ادب موجود ہے۔[28]

# حوالہ جات


1. https://ur.m.wikipedia.org/wiki/%D8%B2%D8%A8%A7%D9%86.
2. خلیل صدیقی، ڈاکٹر، زبان کا ارتقاء زمرد پبلیکشنز، کوئٹہ، سن 2000ء، قلات پریس، ص 13۔
3. سلیم اختر، ڈاکٹر، اردو زبان کی مختصر ترین تاریخ، اضافہ شدہ ایڈیشن، سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور، مارچ 1993ء۔
4. ایم پی خان، اردو زبان کا نفاذ، ماہنامہ اخبارِ اردو، جلد 36، شمارہ 10، اکتوبر 2018ء، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، ص 20۔
5. محی الدین قادری زور، ڈاکٹر، ہندوستانی لسانیات، مکتبہ معین الادب لاہور، 1991ء، ص 61۔
6. فرمان فتح پوری، ڈاکٹر، اردو زبان، املاو قواعد، مسائل و مباحث، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، 1990ء، ص 32۔
7. https://ur.m.wikipedia.org>wiki
8. علمِ تاریخ https://ur.m.wikipedia.org/wiki/%D8%B9%D9%84%D9%85%D9%85%85.
9. https://urdukp.blogspot.com
10. جمیل جالبی، ڈاکٹر، تاریخ ادب اردو، جلد اول، آغاز سے 1750 تک، مجلس، ترقی ادب، لاہور، 1993ء، ص 88۔
11. اردو بلاگنگ کی تاریخ۔ پہلا باب/ بیاض بلال https:// www.mbilalm.com/blog/history of Urdu-blogging-first chapter.
12. نعمان یعقوب کراچی، پاکستان کا بلاگستان، 8 مارچ 2010ء۔ https://www.bbc.com/urdu/science/2010/03/100308-blog.pakistan-zs.
13. https://www.urdulinks.com/urj/?p=4163.com

14. عبدالسلام خورشید، فنِ صحافت، مکتبہ کاروان، لاہور، سن 1946، ص 132۔
15. https://ur.m.wikipedia.org/wiki.صحافت کیا ہے۔ آغاز وارتقا۔
16. محمد شاہد حسین، ڈاکٹر، ابلاغیات، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، سن 2004ء، ص 44۔
17. سید اقبال قادری، رہبر اخبار نویسی، ترقی بیورو نئی دہلی، سن 2000ء ص 21۔
18. https://ur.m.wikipedia.org%D8%AC%D%A7%اردو بلاگنگ۔ آزاد دائرہ المعارف۔
19. https://www.urduweb.org/urdu tag blog.
20. https://ur.m.wikipedia.org/wiki/%D8%A7%D%B1%D8%AF%
21. اردو محفل۔https://ur.m.wikipedia.org/wiki/%D%
22. https://www.jasarat.com>blog.
23. https;//www.facebook.com/humsub.com.pk.
24. https://Farhandanish.blogspot.com
25. www.helpurdu.com.
26. https:/www.aik Rozen.com
27. فرمان فتح پوری، ڈاکٹر، اردو املا اور رسم الخط (اصول و مسائل)، سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور، مارچ 1977ء، ص 27۔
28. ضیاء الحسن، پروفیسر، ڈاکٹر، سوشل میڈیا اور اردو زبان، آن لائن مکالمہ، کاروانِ فکر و فن شمالی امریکہ، 5 جون 2022ء، بروز اتوار، 10:00 رات۔
https://facebook.watch/dtRPalusyf/.۔

## باب دوم

# اردو ادبی بلاگز کا املائی جائزہ

## الف) اردو املا - اصول و مباحث:

املا کے لغوی معنی ہیں لکھنا، لکھوانا اور رسی دراز کرنا کسی دوسرے شخص کی بولی ہوئی عبارت کو ضبط تحریر میں لانا املا کہلاتا ہے۔ انگریزی میں اسے ڈکٹیشن کہتے ہیں۔ جس کا مطلب بھی یہی ہے کہ ایک شخص دوسرے کے بولے ہوئے الفاظ کو بلا چوں وچرا من وعن لکھ لے۔ ہر زبان تین نظاموں صوتی، قواعدی اور معنیاتی پر مشتمل ہوتی ہے ان تینوں کی باہمی مطابقت اور ہم آہنگی سے زبان کا نظام وجود میں آتا ہے۔ تحریری نظام وہ ہے جس نے ارتقائی منازل طے کر کے وہ صورت اختیار کر لی جو ابجدی بھی کہلائی اور انفیائی بھی۔ دراصل ابتدائی تعلیم میں املا تدریس زبان کا ایک اہم طریقہ ہے۔ املا نویسی کے ذریعے ہم کسی زبان کو تیزی سے سیکھ سکتے ہیں۔ طلباء کی استعداد، صلاحیت اور ذخیرہ الفاظ بڑھانے کا بہترین طریقہ ہے۔ ہر زبان کے لیے ضروری ہے کہ اس کے املا کے قاعدے منضبط ہوں اور ان قاعدوں کی بنیاد صحیح اصولوں پر ہو۔ املا لفظوں کی صحیح تصویر کھینچتا ہے زبان کی اصطلاح میں "املا" سے مراد کسی لفظ کو مکمل ضابطوں کے ساتھ اس طرح لکھنا ہے کہ بولنے اور پڑھنے میں اسے صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کیا جائے۔ املا کے ایک معنی تو یہ ہیں کہ ایک شخص بولے اور دوسرا اسن کر اسے لکھے جسے انگریزی میں ڈکٹیشن (Dictation) کہتے ہیں۔ دوسرے معنی یہ ہیں کہ کسی لفظ کو اس میں شامل حروف کے مطابق لکھا جائے یعنی حروف اپنے اپنے مقام پر درست شکل میں اس طرح لکھے جائیں کہ لفظ درست طور پر پڑھا جائے۔ رشید حسن خان "اردو املا" میں املا کی تعریف اس طرح کرتے ہیں۔

"املااور رسم الخط دو چیزیں ہیں کسی لفظ کو ٹھیک ٹھیک لکھا جائے یعنی اس لفظ میں جتنے حرف آنا چاہیے اور جس ترتیب سے آنا چاہیے اس ترتیب سے آئے ہوں اور حرفوں کے جوڑ پیوند بھی ٹھیک ہوں تو کہا جائے گا کہ اس لفظ کا املا درست ہے"۔(1)

اردو میں قواعد زبان کے جن اہم مسائل کی طرف کم توجہ دی گئی ہے ان میں املا کے مسائل اہم ہیں۔ جس سے یہ معلوم ہونا چاہیے کہ ہم جس لفظ کو بول رہے ہیں اس کا مفہوم کیا ہے اس طرح یہ بات بھی معلوم ہونی چاہیے کہ ہم جس لفظ کو لکھنا چاہتے ہیں اس کی صحیح صورت کیا ہے۔ املا کے مسائل کی ایک وجہ یہ بھی ہوتی ہے کہ معنی و مفاہیم میں کثرت کی جلوہ گری ہوتی ہے۔ ایک لفظ کے ایک سے زیادہ معنی ہو سکتے ہیں۔ اس لیے لکھنے والے کے لیے یہ لازم ہے کہ وہ لفظ کی صورت کا صحیح طور پر علم رکھتا ہو۔ اس سلسلے میں رشید حسن خان کا کہنا یہ ہے۔

"املا دراصل لفظوں میں صحیح صحیح حرفوں کے استعمال کا نام ہے اور جو طریقہ ان حرفوں کے لکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے وہ "رسم الخط" کہلاتا ہے"۔(2)

اس سے واضح ہوتا ہے کہ املا "لفظوں کی صحیح تصویر کھینچنا ہے" لغت کی کتابوں میں املا کی تعریف ایک جملے میں کی گئی ہے "رسم الخط کے مطابق صحت سے لکھنا۔ اگرچہ اوپر بیان کی ہوئی تعریف مبہم ہے کیوں کہ اردو میں سالم حرف کم ہوتے ہیں۔ زیادہ تر حرفوں کو توڑ کر اور ملا کر لکھا جاتا ہے۔ ایک حرف سے جب دوسرا حرف ملا کر لکھا جاتا ہے تو مختلف حرفوں کے ساتھ ملنے اور لفظ کے شروع، درمیان اور آخر میں آنے کے لحاظ سے ان ٹکڑوں کی صورتیں بدلتی رہتی ہیں، اس لیے یہ تعریف اس طرح کی جا سکتی ہے۔

"اردو کے رسم الخط کے مطابق، لفظ میں حرفوں کی ترتیب کا تعین، ترتیب کے لحاظ سے اس لفظ میں شامل حروف کی صورت اور حرفوں کے جوڑ کا متعارف طریقہ، ان سب کے مجموعے کا نام املا ہے"۔(3)

مولوی عبدالحق نے انجمن ترقی اردو کے تحت املا و تلفظ کی اصلاح کے لیے جو کمیٹی بنائی اس میں عبدلستار صدیقی نے بہت سی سفارشات پیش کیں۔ املا کے حوالے سے وہ لکھتے ہیں:

"ترقی کرنے والی قومیں اس زمانے میں اپنی زبان کے لفظوں کی رکاوٹ میں ضروری ترامیم اور مناسب اصلاح کرتی رہی ہیں۔ عام طور پر اصلاح کی ضرورت اس لیے پڑتی تھی کہ ایک لکھنے والا اپنی رائے کو دخل دے کر ایک غلط راہ اختیار کر لیتا ہے اور

دوسرے بغیر تحقیق کیے ہوئے اس کی غلطی کی پیروی کرنے لگتے ہیں۔ جہاں کسی
غلطی کی تکرار ہوئی، وہ کتابوں اور اخباروں میں راہ پاگئی"۔ (4)

ادارہ فروغ قومی زبان نے بھی املا کے امور پر مسلسل اپنی توجہ مرکوز رکھی ہے۔ متعدد علمی مباحث کے بعد 1985ء میں ایک سمینار "املا اور رموزِ اوقاف" منعقد کیا گیا۔ اس میں ماہرین لسانیات کی ایک کمیٹی تشکیل پائی۔ اس کمیٹی نے اپنے اجلاسوں میں املا کی تفصیلی سفارشات منظور کیں۔ ڈاکٹر عبد الستار صدیقی نے "اردو املا" کے ابتدائیہ میں لکھا:۔

"ہر زبان کے لیے ضروری ہے کہ اس کہ املا کے قاعدے منضبط ہوں اور ان قاعدوں کی بنیاد صحیح اصول پر ہو اگر قاعدے معین نہ ہوں تو زبان کی یک رنگی اور یکسانی کو سخت صدمہ پہنچنے کا اندیشہ ہے"۔ (5)

اردو املا کے حوالے سے ڈاکٹر فوزیہ اسلم "اردو اخبارات کا املائی مطالعہ" مشمول تحقیقی مجلہ دریافت میں لکھتی ہیں۔

"املا میں دو امور سب رسم الخطوط کے لیے یکساں ہیں کہ لفظ میں شامل تمام حروف کو لکھنا نیز حروف کو ان کے صحیح مقامات پر رکھنا، اردو چونکہ ترکیبی رسم الخط ہے لہذا اس میں تمام حروف مکمل حالت میں نہیں لکھے جاتے۔ پھر اردو رسم الخط میں کچھ حروف ایک سے زیادہ شکلیں رکھتے ہیں۔ اس لیے املا کی درستی اور صحت میں حروف کی اشکال اہمیت کی حامل ہیں"۔ (6)

ڈاکٹر فرمان فتح پوری اس سلسلے میں کہتے ہیں:

"املا کے قواعد اور اصول بنیادی طور پر زبان کے قواعد واصول ہیں دنیا کی ساری ترقی یافتہ زبانوں میں املا کے ضابطوں کی سختی سے پابندی کی جاتی ہے۔ کسی لفظ کا تلفظ اپنے مروج املا سے خواہ کتنا ہی مختلف کیوں نہ ہو لیکن اس کا جو املا مقرر اور متعین ہے اس طرح لکھیں گے۔ لیکن افسوسکے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اردو میں اس جانب نہ پہلے کوئی توجہ دی گئی ہے اور نہ آج خاطر خواہ دی جا رہی ہے۔ اس کے اصول ہی معین نہیں ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اردو املا میں ایک لفظ کئی کئی طرح سے لکھنے کا رواج ہو گیا ہے"۔ (7)

اس عدم یکسانیت کے لیے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ املا کی درستی کو یقینی بنایا جاسکے اور اردو زبان کا املا مستند بنیادوں پر رائج ہو سکے ،اس کے لیے املا نویسوں کی تربیت کا خاص انتظام ہونا چاہیے۔ جیسا کہ امریکہ اور یورپی ممالک میں اس کی تربیت دی جاتی ہے اور اس مقصد کے لیے ادارے قائم ہیں۔

## (ب) منتخب اردو ادبی بلاگز کی زبان اور املا کا جائزہ

نئی دہلی کے ترقی اردو بورڈ کی سفارشات ڈاکٹر گوپی چند نارنگ نے مرتب کر کے 1974ء میں پہلی مرتبہ شائع کیں۔ بعض تجاویز سے اختلاف کرتے ہوئے بہت سے ادیبوں نے اپنا نقطہ نظر پیش کیا۔ جن کی وجہ سے سفارشات پر نظر ثانی کے لیے ترقی اردو بورڈ نے کافی جلسے منعقد کروائے۔ جن میں سفارشات پیش کی گئیں اور انھیں املا نامہ طبع دوم 1990ء میں شائع کیا گیا۔ یہ زیادہ معتدل اور جامع اصولوں پر تھی۔ رشید حسن خان اردو املا میں قواعد نویسوں کی خدمات کے حوالے سے لکھتے ہیں:

> "اردو املا سے متعلق مولانا احسن مارہروی نے رسالہ فصیح الملک مئی 1905ء میں کچھ تجاویز پیش کی تھیں۔ پھر ڈاکٹر عبد الستار صدیقی اس موضوع پر برابر لکھتے رہے ۔آزادی سے قبل مولای عبد الحق بابائے اردو کی تحریک پر انجمن اردو نے املا کمیٹی بنائی اس کے متعدد اجلاس ہوئے۔آزادی کے بعد ترقی اردو بورڈ اس سلسلے میں سر گرم ہوا۔ دوسری انفرادی واجتماعی کوششیں بھی ہوتی رہیں۔ رشید حسن خان نے خاص طور پر اس موضوع کو اپنا ہدف بنایا اور اردو املا کے نام سے ایک مبسوط اور مفصل کتاب لکھی۔ کئی مختصر کتابیں بھی لکھیں۔ پاکستان میں بھی اس کی طرف توجہ دی گئی"۔ (8)

ڈاکٹر فہمیدہ بیگم لکھتی ہیں کہ اردو ایک مخلوط زبان ہے۔ اس کا رسم الخط عربی و فارسی سے ماخوذ ہے۔ جس کی وجہ سے اس کے املا کے اصولوں کا تعین بہت مشکل ہے۔ اردو میں املا کے مسائل بہت زیادہ ہیں کچھ مسائل مستعار الفاظ کی وجہ سے پیدا ہو گئے ہیں۔

اردو ایک آزاد اور خود مختار زبان ہے۔ جب کہ مستعار لفظوں کا املا کا طریقہ اردو کے رائج املا سے کافی مختلف ہے مثلاً عربی لفظوں کے آخر میں ی کے اوپر الف لکھا جاتا ہے جیسے ادنیٰ، اعلیٰ، عیسیٰ وغیرہ اس کے بہت سے الفاظ اردو میں پورے الف سے رائج ہیں جیسے تماشا، تمنا، تقاضا وغیرہ۔ اس طرح کئی ایسے الفاظ جن کے درمیان میں الف مقصورہ آتا ہے، پہلے سے عام الف سے لکھے جاتے ہیں۔ مثلاً رحمان اور رحمٰن، اسمٰعیل اور اسماعیل، سلیمٰن اور سلیمان وغیرہ۔ اس طرح اردو میں ہزاروں لفظ مستعار الفاظ کی نقل میں خفی ہ سے لکھے

جاتے ہیں جیسے زردہ، پردہ، غنچہ وغیرہ۔ املا کے کئی مسائل ایسے ہیں جن کا تعلق اردو صوتیات سے ہے۔ املا کا کام معیاری تلفظ کا اظہار ہے۔ املا نامہ میں ان تمام مسائل پر توجہ دی گئی ہے۔ سادہ اور صاف زبان میں سفارشیں پیش کی گئی ہیں۔ اس میں پہلی مرتبہ اردو کے دس مصوتوں کے لیے اعرابی نظام بنایا گیا ہے۔ جو سہل بھی ہے اور سائنٹفک بھی ہے۔

پاکستان میں مقتدرہ قومی زبان کے زیر اہتمام جون 1985ء میں اردو زبان میں املا اور موزاو قاف کے موضوع پر ایک سہ روزہ سمینار ہوا۔ اس میں ایک ذیلی کمیٹی بنائی گئی اس ذیلی کمیٹی میں چند اصحاب شریک تھے۔ جنھوں نے املا سے متعلق اپنے اپنے نظریات پیش کیے۔ بعض کا خیال تھا کہ املا کو اپنے ماخذ کے قریب تر رہنا چاہیے۔ بعض کے نزدیک اخذ الفاظ کو اپنے صوتی آہنگ کے تابع کیے بغیر زبان کا حصہ نہیں بنایا جا سکتا۔ بحثوں میں الجھے بغیر قومی زبان کی بنیادی معاشرتی ،ثقافتی، سائنسی، طبعی اور سماجی علوم و فنون کی بنیادی ضرورتوں کو پیش نظر رکھ کر سفارشات مرتب کی گئیں۔ جنھیں 1986ء میں اعجاز راہی نے مدون کیا۔ یہ سفارشات درج ذیل ہیں۔

## 1- الف اور الف مقصورہ:-

عربی کے ایسے الفاظ جن کے آخر میں "الف" کی آواز آتی ہے وہاں بجائے "الف " کے "ی" لکھی جاتی ہے اور اس پر چھوٹا الف (الف مقصورہ) بنایا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر کبریٰ، سلمیٰ، سلویٰ ، عظمیٰ، عقبیٰ، علیٰ، عیسیٰ، بشریٰ، ادنیٰ، اعلیٰ، اولیٰ، دعویٰ، طوبیٰ، فتویٰ، اسی طرح بعض الفاظ پورے الف سے بھی لکھے جاتے ہیں۔ جیسا کہ تقاضا، تماشا، سلیمان، صغرا، کبرا، لقمان، ماجرا، مبرا، مصفا، مقتدا، منقا، مولا، ہیولا۔ لیکن بعض الفاظ ایسے ہیں جو دونوں صورتوں میں لکھے جاتے ہیں یہ دونوں طرح لکھنا جائز ہے: مثلاً

| | |
|---|---|
| اسحٰق | اسحاق |
| اسمٰعیل | اسماعیل |
| رحمٰن | رحمان |
| یٰسین | یاسین |
| علیحٰدہ | علاحدہ |

جب کہ لفظ اللہ ایک خاص طریقے سے لکھا جاتا ہے۔ اس میں دو لام آتے ہیں۔ یہ خاص "اللہ" نام ہے اس لیے اس کو ایسے ہی لکھنا چاہیے۔ لفظ "اللہ" کی طرح "الٰہ" بھی الف کے بغیر لکھا جاتا ہے۔ اسی سے الہٰی بنتا

ہے ان دونوں لفظوں کا یہی املا رائج ہے۔اس لیے ان کو ایسا ہی لکھنا چاہیے۔اسی طرح مولٰنا کو "مولانا" لکھنا چاہیے کیونکہ یہ جدید املا ہے۔

ب) عربی کے درج ذیل الفاظ کو اسی طرح لکھا جائے۔

زکٰوۃ، مشکٰوۃ، صلٰوۃ۔

## 2-الف لام اور عربی کے مرکبات

عربی کے ایسے مرکبات جن کے درمیان "الف لام" لکھا جاتا ہے انھیں اردو میں الف لام کے ساتھ ہی لکھا جائے مثلاً "اناالحق" اس میں ایک الف "انا" کے آخر میں ہے اور دوسرا الف "الحق" کے شروع میں ہے۔بے احتیاطی کی وجہ سے اس کو کبھی "انالحق" لکھ دیا جاتا ہے جو کہ غلط ہے۔اس میں دو الف یک جا ہوں گے ۔جیسا کہ اخترالایمان،اصل الاصول ، امیر البحر، بالترتیب، بین الاقوامی، حتی الامکان۔ حتی الوسیع، رومتہ الکبریٰ، بدرالدجیٰ، بین السطور وغیرہ

## 3-الف بجائے ہائے مختفی:

ہائے مختفی ہمیشہ لفظ کے آخر میں آتی ہے،اس کو فارسی اور عربی لفظوں سے مخصوص بتایا گیا ہے۔ جیسے کہ کعبہ، شگفتہ۔جب کہ ہندی اور انگریزی زبان کے الفاظ کے آخر میں الف آتا ہے۔ عربی اور فارسی کے ماسوا اردو میں مروج تمام زبانوں کے ایسے الفاظ جن کے آخر میں "الف" کی آواز آتی ہے ان کے آخر میں "الف" ہی لکھا جائے مثلاً آرا، آریا،اڈا، اکھاڑا، باڑا، بتاشا، بگولا، تھانا، بڈا، ٹھیکا، تارا، پٹاخا، پتا، تولیا، بھروکا، چاولا، چونا، ڈراما، سمجھوتا، رکشا، راجا، میلا وغیرہ۔

عربی فارسی کے ایسے الفاظ جن کو اردو میں استعمال کیا جاتا ہے انھیں دونوں طرح لکھا جاسکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| چغہ | چغا |
| خاکہ | خاکا |
| طلباء | طلبا |
| نقشہ | نقشا |
| صوفیاء | صوفیا |

### دانا،دانہ:

ذیل کے پہلے کالم میں درج ہر لفظ میں آخری حرف "الف" ہے اور دوسرے میں ہائے مختفی۔ یہ الگ الگ لفظ ہیں اور ان کے الگ الگ معنی ہیں۔ اس لیے ان کے املا کا تعین ان کے معنی کے اعتبار سے ہو گا۔

| | |
|---|---|
| دانا (جاننے والا، عقل مند) | دانہ (بیج، دانہ گندم) |
| پتا (درخت کا پتا) | پتہ (نشان، مقام) |
| آنا (مصدر) | آنہ (ایک سکہ) |
| پیسا (مصدر) | پیسہ (ایک سکہ) |
| نالا (بڑی نالی) | نالہ (فریاد) |

عربی کے بعض الفاظ اردو میں ہ سے لکھنے کا غلط رواج ہے انھیں "الف" سے لکھنا چاہیے۔ مثلاً

تمغا، حلوا، سقا، شوربا، عاشورا، قورما، ملغوبا، معما۔

### ت اور ط:

1- درج ذیل الفاظ "ت" کی بجائے 'ط' سے لکھے جائیں۔

طوطا، طشت، طشتری، طمانچہ، طپنچہ وغیرہ۔

مندرجہ ذیل الفاظ کو 'ت' سے لکھنا بہتر ہے۔

تراوٹ، تیار، تیراک، تنبورہ وغیرہ

## 5- تنوین:

1- اردو میں عربی کے ایسے بہت سے الفاظ مستعمل ہیں۔ جن پر دو زبر لکھے جاتے ہیں اور آواز نون کی طرح ادا ہوتی ہے۔ جیسے عموماً (عمومن)۔ اردو میں ایسے الفاظ لکھتے ہوئے لفظ کے آخر میں الف کا اضافہ کر کے اس پر تنوین لگاتے ہیں، تنوین اردو املا کا حصہ بنتی چلی جا رہی ہے۔ اس وجہ سے اس کو بدلنا مناسب نہیں ہے۔ مثلاً آناً، فاناً، اتفاقاً، اندازاً، حقیقتاً، شکایتاً، ضرورتاً، عادتاً، عمداً، فطرتاً، فوراً، نسلاً، مروتاً وغیرہ۔ کچھ الفاظ میں تائے مدور "ہ" کو اسی طرح لکھتے ہیں اور لمبی "ت" نہیں بناتے۔ البتہ تنوین کے وقت صرف نقطہ دے کر زبر لکھا جائے جیسا کہ رواج چلا آرہا ہے۔ مثال کے طور پر نتیجۃً، دفعۃً، واقعۃً، اشارۃً وغیرہ۔

### 2- ذ-ز-ژ:

درج ذیل الفاظ کے املا کا ایک طریقہ نہیں ہے۔ انھیں کبھی 'ذ' اور کبھی "ز' سے لکھ دیا جاتا ہے۔ معیاری املا کے لیے ان الفاظ کو "ذ" سے لکھا جائے۔ ذ اور ز ان حرفوں میں املا کی بہت غلطیاں ہوتی ہیں۔ کبھی کبھی تو لفظ کے معنی ہی بدل جاتے ہیں۔ اس لیے ان الفاظ پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر:

جذب — اسی سے "جاذب" بنا ہے جس کے معنی ہیں "سیاہی چوس" اسے انگریزی میں بلاٹنگ پیپر بھی کہا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| پذیرائی | شہرت، نام وری |
| خدمت گذار | خدمت کرنے والا |
| آذر | آگ |
| آذربائجان | ایک شہر کا نام ہے |
| راہ گذر | راستے سے گزرنے والا |
| شکر گذار | شکریہ ادا کرنے والا، عاجز |
| نذیر | ڈرسنانے والا، یہ رسول اللہ ﷺ کا صفاتی نام ہے۔ |

ناموں میں عام طور پر نذیر ہی ہوتا ہے، جیسا کہ نذیر احمد، نذیر خان، نذیر حسن وغیرہ۔ ایک دوسرا لفظ ہے "نظیر" جس کے معنی ہیں مثل، کی طرح۔ اسی سے بے نظیر بنتا ہے جس کے معنی ہیں "بے مثال"۔ تخلص کے طور پر نظیر آتا ہے جیسا کہ نظیر اکبر آبادی، نظیر لدھیانوی وغیرہ

مندرجہ ذیل الفاظ کو "ز" سے لکھا جائے۔

آزر، ازدحام، ناگزیر، گزند، زخار وغیرہ۔

مندرجہ ذیل الفاظ "ژ" سے لکھنے چاہیے۔

ارژنگ، اژور، اژدہا، پژمردگی، پژمردہ، ٹیلی ویژن، وغیرہ۔

## 6-ہائے مخلوط (ھ) اور غیر مخلوط املا میں فرق:

جب ہ کو اس کی مستقل اور منفرد آواز کے ساتھ پڑھا جائے تو اسے ہائے غیر ملفوظ یا لٹکن والی ہ کہا جاتا ہے مثال کے طور پر چہل، پہل، شہر، جہاں، کہاں، ہم وغیرہ۔ جن الفاظ میں ہائے مخلوط کی آواز ہو یعنی "ہ" کی آواز دوسرے حرف سے مل کر مرکب آواز دیتی ہو جیسے بھ، پھ، تھ، ٹھ وغیرہ ،ایسے الفاظ ہمیشہ دو چشمی ہ (ھ)

سے لکھے جائیں۔ مثلاً ابھی، تبھی، سبھی، کبھی، انھیں، جنھیں، تھیں، تمھارا، تمھاری، چولھا، دولھا، دولھن ،ننھا، بھنبھناہٹ، پھڑ پھڑانا، تھر تھرانا، چھم چھم۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں اکثر ہائے مخلوط کی تکرار ہوتی ہے مثلاً

## بھابھی، بھابی:

اردو کے وہ الفاظ جن میں دو ہائے مخلوط ہیں۔ دو طرفہ کے ہیں، ایک وہ جو کسی نہ کسی طرح کی کیفیت ظاہر کرتے ہیں۔ جیسے بھن بھناہٹ، چھن چھناہٹ اور دوسرے وہ مفرد الفاظ جن میں دوسری ہاے مخلوط زائل ہو جاتی ہے جیسے بھابھی سے بھابی، ایسے الفاظ کو صرف پہلی ایک ھ سے لکھنا مروج ہے، فرہنگ آصفیہ اور دیگر لغات نے اس کو اختیار کیا ہے۔ اس طرح کے کچھ الفاظ دوج ذیل ہیں۔

بھابی، بھبوکا، ڈھیٹ، بھبکی، بھبک، بھنبورنا، گھونگا، گھنگرو وغیرہ،

## ھے، ہے:

بعض لوگ لفظ کے وسط یا شروع میں ہائے غیر مخلوط کو لٹکن والی ہ کے بجائے دو چشمی ھ سے لکھتے ہیں، یہ املا غلط ہے۔ اس سلسلے میں قاعدہ یہ ہونا چاہیے کہ صرف ہائے مخلوط کو ہی "ھ" سے لکھنا چاہیے باقی کو خواہ کہیں بھی ہو لٹکن والی "ہا" سے لکھیں گے اور لفظ کے شروع میں "ہا" کو ہمیشہ لٹکن والی ہا سے ہی لکھی جائے گی اس کا مخلوط ہونا ممکن ہی نہیں ہے۔

## 7- نون اور نون غنہ:

عربی یا فارسی کے کسی لفظ میں "ن' کے بعد "ب" ہو تو "ن" کی آواز "م" میں بدل جاتی ہے، لکھنے میں ن ہی آتا ہے لیکن پڑھا میم جاتا ہے جیسے کہ گنبد، انبار، کنبہ، تنبولی، زنبور، سنبل، دنبہ، جنبش وغیرہ۔ بعض الفاظ میں نون غنہ کی آواز کے مقام و مخرج کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے چونکہ ان الفاظ کا املا بہ صورت ذیل رواج پا چکا ہے۔ اس لیے اسی طرح لکھا جائے۔ پاؤں۔ چھاؤں۔ گاؤں، کھڑاؤں، داؤں، بہنگی، لہنگا، مہندی، مہنگائی وغیرہ۔

مندرجہ ذیل الفاظ کا دونوں طرح لکھنا درست ہے۔

| | |
|---|---|
| پینترا | پیترا |
| چوچلہ | چونچلہ |
| جھوک | جھونک |
| موچھ | مونچھ |

کیچوا    کینچوا

جب کہ ہندی اور انگریزی کے الفاظ میں ایسے مقامات پر "م" ہی لکھا جائے گا۔ مثال کے طور پر کھمبا، ایمبولینس، ستمبر، چمپا، ممبر وغیرہ۔ یہاں دو لفظ "منبر" اور ممبر خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان کی املا مختلف ہے لیکن تلفظ ایک جیسا ہے۔ اسی وجہ سے ان کی املا میں غلطیاں بھی ہوتی ہیں۔ منبر کو ممبر اور ممبر کو منبر لکھ دیا جاتا ہے۔ جب کہ فارسی زبان میں "الف" میں "ن" کے بعد "ب" ہو تو لکھنے میں "ن" آئے گا اور آواز "م" کی ہو گی۔ لیکن انگریزی میں م ہی پڑھا جائے گا اور "م" ہی لکھا جائے گا۔ منبر عربی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی ہے وہ بلند مقام جس پر خطبہ پڑھا جاتا ہے۔ ممبر انگریزی لفظ ہے جس کے معنی ہیں رکن۔ مثال کے طور پر کونسل کے رکن کو ممبر کہا جاتا ہے۔

## 8-واؤ

(الف) قدیم املا کے رواج کے مطابق آج بھی بعض الفاظ کو کہیں کہیں پیش (ـُ) کی بجائے "واو" سے لکھا جاتا ہے جو درست نہیں ان کو واؤ کے بغیر ہی لکھا جائے مثلاً اُدھار، بڑھاپا، چغا، دکان دار، دلاری، الاراو غیرہ۔

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ دونوں طرح یعنی واؤ کے بغیر پیش سے یا "واؤ" سے لکھنے درست ہیں

پربیا    پوربیا

جلاہا    جولاہا

دگنا دوگنا

لہار    لوہار

مٹاپا    موٹاپا

نکیلا    نوکیلا

## 9-واؤ معدولہ (و)

کچھ لفظوں میں "واو" لکھا جاتا ہے مگر پڑھنے میں نہیں آتا۔ اس واو کو "واو معدولہ" کہا جاتا ہے۔ درج ذیل الفاظ میں اگرچہ "واؤ" کی آواز موجود نہیں ہے لیکن "واؤ" لکھی جاتی ہے اس لیے انھیں اسی طور لکھا جائے مثلاً

خواب، خواہش، خواہ، خودی، خود، خورشید، خوش، خوش آمد، خوش نما، خوشبو،

تنخواہ، خدانخواستہ، افسانہ خواں، درخواست

کچھ الفاظ میں "واو معدولہ" موجود نہیں ہوتی۔ لیکن غلطی سے لکھ دی جاتی ہے جیسا کہ "خورد" لکھنا غلط ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ واو کے ساتھ "خورد" ایک الگ لفظ ہے۔ "خرد و کلاں" بمعنی چھوٹا بڑا عام طور پر لکھا اور بولا جاتا ہے۔ "خوردن" مصدر سے، اس کے معنی ہیں کھانا، غذا ایسے کچھ اور خاص لفظ یہ ہیں۔ یہ بغیر واؤ کے لکھے جائیں

برخاست (نکل جانا)، خرد (چھوٹا)، خردہ گیر (عیب نکالنے والا) وغیرہ

## 10- ہمزہ اور الف

عربی کے ایسے الفاظ جن کے آخر میں ہمزہ لکھا جاتا ہے لیکن اردو میں انھیں بغیر ہمزہ کے لکھا جاتا ہے انھیں ہمزہ کے بغیر ہی لکھا جائے، مثلاً ابتدا، ادبا، املا، انتہا، انشا، اولیا، ضیا، طلبا، علما، فقرا، منشا، وزرا چند الفاظ کو ہمزہ کے ساتھ لکھنا ضروری ہے جیسے انشاءاللہ بہاءالحق، بہاءالدین، بہاءاللہ، ثناءاللہ، ذکاءاللہ علاءالدین ایسے الفاظ جن پر تنوین لگ سکتی ہے، تنوین لگاتے ہوئے ان پر ہمزہ برقرار رہے گی، مثلاً ابتداًء، بناءً، جزاءً۔ عربی کے ایسے الفاظ جن کے درمیان الف کے اوپر ہمزہ لکھا جاتا ہے اردو میں انھیں اسی طرح لکھا جائے مثلاً تاثر، تاسف ،تامل، جرات، قرات

## 11- ہمزہ اور واؤ

مندرجہ ذیل عربی الفاظ کو اردو میں عربی املا کے مطابق لکھا جائے جیسا کہ مؤثر، مؤخر، مؤذن، مؤرخ، مؤلف، مؤنث۔ جب کہ اردو کے ایسے الفاظ جن کے آخر میں واؤ لکھی جاتی ہے اور ہمزہ کے بغیر ان کی آواز مکمل نہیں ہوتی ان میں ہمزہ لکھا جائے مثلاً الاؤ، الجھاؤ، اُودبلاؤ، پاؤ، بچاؤ، بناؤ، بہاؤ، بھاؤ، لگاؤ، کھاؤ، گھماؤ مناؤ، جھکاؤ۔

ایسے مصادر جن کا صیغہ "الف" پر ختم ہو، ان کے تمام صیغوں میں "ہمزہ" کا ستعمال ہوگا اور جہاں ہمزہ کے بجائے کسی اور حرف پر ختم ہو وہاں "حرف واؤ" کا استعمال ہوگا جیسے کھانا سے کھا- کھاؤ اور کرنا سے کر-کرو، آؤ، اٹھاؤ، اڑاؤ، بتاؤ، بچاؤ، بہاؤ، چلاؤ، سناؤ، لاؤ، گھٹاؤ، گھماؤ وغیرہ۔

جمع کی صورت میں آنے والے الفاظ "ہمزہ اور واؤ" کے ساتھ لکھے جائیں گے۔

بہو بہوؤں

ہندو ہندؤں

بچھو      بچھوؤں

سادھو      سادھوؤں

ایسے مصادر جن کا امر 'الف' یا "واؤ" پر ختم ہو مثلاً آنا، جانا، دھونا وغیرہ ان تمام متعلقہ صیغوں میں "ہمزہ" استعمال کیا جائے مثلاً آئے، جائے، دھوئے، سنائے، گئے، آیئے، اٹھایئے، بتایئے، پکایئے، چلایئے، لایئے، گھمایئے، لایئے، ملایئے، جایئے، منگوایئے، فرمایئے وغیرہ

## 12-ہمزہ اور "ی":

ایسے مصادر جن کا صیغہ امر "الف" یا "واؤ" پر ختم نہ ہو ان کے کسی بھی صیغے میں ہمزہ استعمال نہیں ہو گا۔ انھیں "ہمزہ کے بغیر "ی" سے لکھا جائے، مثلاً جیسے، دیے، لیے، کیے، سیے، اٹھیے، بولیے، بیٹھیے، پیسے، تولیے، دیکھیے، کھولیے، لیجیے، ملیے، چاہیے وغیرہ۔

## 13-ہمزہ اور "ے"

وہ الفاظ جن میں "ے" کے ساتھ ہمزہ کی واضح آواز موجود ہو، انھیں ہمزہ اور "ے" کے ساتھ لکھا جائے جیسے، چائے، رائے، سائے، سرائے، گائے، آئے، اترائے، اٹھائے، اٹھوائے، اگائے، بجائے، بچائے، بتائے، بٹھائے، جائے، جتائے، جگائے، جلائے، جمائے، چرائے، چلائے، چھڑائے، ستائے، سجائے، سنائے، سلائے،، کمائے، کہلائے، کھلائے، نبھائے

## 14-ہمزہ اور ی (آزمائش-آزمایش)

عربی اور فارسی کے بعض الفاظ میں "ی" استعمال ہوتی ہے لیکن اردو میں ان کے تلفظ میں ہمزہ کی آواز واضح طور پر نکلتی ہے، اس لیے انھیں "ی" کی بجائے ہمزہ ہی سے لکھا جائے، مثلاً آزمائش، آسائش، نمائش، گنجائش، فرمائش، ستائش، پیدائش، آئندہ، پائندہ، نمائندہ، پائندگی، نمائندگی، سائل، قائل، مائل، ذائقہ، معائنہ، مضائقہ۔

## 15-ہمزہ اور اضافت:-

اگر مضاف کے آخر میں ہائے مختفی ہو تو اضافت کے لیے ہمزہ کا استعمال کیا جائے جیسے تشنۂ کربلا، پیمانۂ صبر، جذبۂ دل، جلوۂ مجاز، فسانۂ دل، نغمۂ فردوس۔ جو لفظ الف یا وٗ پر ختم ہوتا ہے اس کے بعد اضافت کے لیے ہمزہ اور "ے" لکھی جائے، جیسے اردوئے معلیٰ، بوئے گل، نوائے ادب، گفتگوئے خاص، کوئے یار۔

"یے""ی" اور واؤ پر ختم ہونے والے بعض الفاظ کی اضافت ہمزہ کے بغیر بہتر ہے مثلاً سعی لاحاصل، وادیِ سندھ، وحیِ آسمانی، شناسائے دیرینہ۔

## 16-امالہ:

1- ایسے الفاظ جو "ہ" یا "الف" پر ختم ہوتے ہوں یا ایسے الفاظ جن کے آخر میں "ہ" ہے لیکن وہ "الف" کی آواز دیتے ہوں اور ان کی جمع ے سے بن سکتی ہو، ایسے الفاظ کے بعد حروف مغیرہ (کو، سے، میں، پر، تک، کا، کی، کے) کے آنے کے بعد ان میں الف یا ہ بڑی "یے" میں بدل جائے گا۔ مثلاً

آگرہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔آگرے کا تاج محل

اڈہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اڈے پر

افسانہ۔۔۔۔۔۔۔۔افسانے کا عنوان

دیوانہ۔۔۔۔۔۔۔۔دیوانے کی بڑ

لڑکا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکے نے،

معاملہ۔۔۔۔۔۔۔۔اس معاملے میں

مسئلہ۔۔۔۔۔۔۔۔اس مسئلے کو

مرغا۔۔۔۔۔۔۔۔مرغے کی ٹانگ

مکہ، مدینہ۔۔۔۔۔۔۔مکے سے مدینے تک

تاہم عربی فارسی کے الفاظ جو الف پر ختم ہوتے ہیں امالہ قبول نہیں کرتے۔ جیسے

املا، انشا، دنیا، صحرا

مکے، مدینے، کعبے، چارسدے، کوئٹے۔

بعض ایسے مرکبات ہیں جن کے پہلے لفظ کی جمع بن سکتی ہے، وہ بھی امالے کے ساتھ لکھے جائیں گے، چاہے کوئی حرف مغیرہ ان کے بعد آئے یا نہ آئے۔ جیسے: پہرے دار، تانگے والا، ذمے دار، رکشے والا، مزے دار، مقدمے باز۔ بعض ایسے الفاظ جو الف نون غنہ پر ختم ہوتے ہیں اور ان کی جمع "ی" نون غنہ سے بنتی ہے وہ بھی امالہ قبول کریں گے۔ جیسے: دھویں سے، کنویں سے۔ عربی کے ایسے الفاظ جو "ع" یا ء "ہ" پر ختم ہوتے ہیں اور ان کی آخری آواز بھی الف کی نکلتی ہے، وہ بھی امالہ قبول کریں گے جیسے برقعے میں، جمعے کو، قطعے میں، قلعے کے اندر، مصرعے، مرقعے، مقطعے، موقعے پر وغیرہ۔

## 17-اعداد:

اعداد کو لفظوں میں لکھتے ہوئے درج ذیل طریق سے لکھا جائے ایک۔

| | | |
|---|---|---|
| دو | دونوں | دوسرے |
| تین | تینوں | تیسرے |
| چار | چاروں | چوتھے |
| پانچ | پانچوں | پانچویں |
| چھ | چھیوں | چھٹے |
| سات | ساتوں | ساتویں |
| آٹھ | آٹھوں | آٹھویں |
| نو | نوؤں | نویں |
| دس | دسووں | دسویں |

2- گیارہ سے اٹھارہ تک کے الفاظ ہائے ملفوظ سے لکھے جائیں۔

گیارہ، بارہ، تیرہ، چودہ وغیرہ

3- گیارہ سے اٹھارہ تک اعداد ترتیبی اور عصری میں ہائے ملفوظ ہائے مخلوط سے بدل جاتی ہے۔ جیسے

گیارھواں، بارھواں، تیرھواں وغیرہ۔

4- اکتالیس سے اڑتالیس تک کی گنتی میں لام کے بعد "ی" کا استعمال ضروری ہے، جیسے

اکتالیس، بیالیس، تینتالیس، چوالیس وغیرہ۔

5- ذیل کے الفاظ نون غنہ کے ساتھ لکھے جائیں:

تینتیس، چونتیس، پینتیس، پینتالیس، سینتالیس وغیرہ۔

اردو املا کے ماہرین نے سطور اور جملوں کی ترتیب یا مصرعوں میں پائی جانے والی املا کی اغلاط کی نشاندہی کی ہے۔ بلاگز میں بعض اوقات تحریروں میں یہ نقائص خلافِ قاعدہ ہونے کے باوجود خوب صورت لگتے ہیں تاہم بلاگ کی زبان میں ان سے مکمل اجتناب ضروری ہے کیونکہ اس قسم کے نقائص تحریر کو ناقابل فہم بنادیتے ہیں۔

ہر زبان بول چال میں اپنے معیار کا تعین کرتی ہے اردو کا مزاج چونکہ لشکری ہے اس لیے برصغیر کی تمام زبانوں کے امتزاج سے تشکیل پاتا ہے۔اس وجہ سے بعض لفظوں کے ساتھ مہمل کا استعمال کیا جاتا ہے مثال کے طور پر آلو والو، سالن والن وغیرہ۔ان الفاظ میں مہمل الفاظ کے کوئی معانی نہیں ہیں۔ لیکن یہ الفاظ قافیہ پیمائی کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

ڈاکٹر سہیل بخاری نے لسانی مقالات میں اردو بول چال کے حوالے سے جملے کی وضاحت اس طریقے سے کی ہے:

"ہر بول کچھ آوازوں کے ملنے سے بنتا ہے۔اس لیے کچھ لوگوں کو یہ دھوکا بھی ہوتا ہے
کہ بول ان آوازوں اور بول کے معنی میں کوئی ملتی ہوئی بات ہوگی۔"

اردو زبان اپنی ساخت ہیئت اور تشکیل کی بنا پر ہندوستان میں منفرد حیثیت رکھتی ہے۔اس لیے اردو زبان کی املا انفرادی حیثیت رکھتی ہے۔

## منتخب اردو بلاگز کی املا کا جائزہ:

اردو کے منتخب بلاگز (ہم سب، دانش، ایک روزن) کے مطالعے سے واضح ہوتا ہے کہ تمام بلاگز میں حروف کو ملا کر لکھنے کا رجحان عام ہے۔جب کہ حروف کو الگ الگ لکھنا چاہیے، خاص طور پر کیلئے، کریگا، حقدار، آئینگے وغیرہ۔ متن کے املائی نظام میں عام طور پر من چاہی صورت ملتی ہے۔یہ الجھن ختم ہونی چاہیے اس لیے ایسے الفاظ جو الگ لکھے جا سکتے ہیں ان کو جوڑ کر نہ لکھا جائے، جیسے ان کو۔آپ کا۔بے خوب۔بے شک،۔آج کل۔اس کا۔اس لیے، ایسے الفاظ الگ الگ لکھے جائیں۔جبکہ کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کو الگ الگ نہ لکھا جائے مثلاً چونکہ، کیونکہ، آنکہ، چنانچہ، بطریق، تاوقتیکہ ان کو ملا کر ہی لکھا جائے۔درج ذیل الفاظ میں ہمزہ کا استعمال نہ کیا جائے۔مثال کے طور پر لیے۔دیے، لکھیے، کیجیے، چاہیے، انتہا، ابتدا وغیرہ۔کچھ الفاظ ہمزہ کے ساتھ ہی لکھے جائیں جیسے آئندہ، آزمائش، وسائل، مائل، عقائد وغیرہ۔درج ذیل مقالے میں ہم نے مفرد اور مرکب دونوں طرح کے الفاظ میں املا کی غلطی کو زیر بحث لایا ہے۔جو کہ بالترتیب یہ ہیں۔

## املا کی اغلاط:

### ابتداء:

1-اردو کی ابتداء مسلمانوں کی آمد کے بعد ہوئی۔

(بلاگ؛دکن میں اردو، تحقیقی وتنقیدی جائزہ، بارہ مئی 2021ء، حذیفہ ارڑہر)[11]

2-اس کا تعلق اردو کے ارتقاء سے ہے ابتداء سے نہیں۔

(بلاگ؛دکن میں اردو، تحقیقی وتنقیدی جائزہ، بارہ مئی 2021ء، حذیفہ ارڑہر)

3-اردو میں مزاحیہ مضامین کی ابتداءاودھ پنچ سے ہوئی۔

(بلاگ؛اردو ادب اور صحافت، چار فروری 2020ء آصف جیلانی)[12]

4-ابتداء کے طور پر چند اداکاروں کا انتخاب کیا۔

(بلاگ؛ کیا پاکستانی ڈرامہ فنی اعتبار سے قلاش ہو رہا ہے؟ آٹھ ستمبر 2021ء، ابصار فاطمہ)[13]

5-رشتے کی ابتداء میں میاں بیوی ایک دوسرے کی سمجھوتا کرنے کی صلاحیت جانچتے ہیں۔

(بلاگ؛ عنوان شریکِ حیات سے جنسی ترجیحات پہ بات کرنا "ڈرٹی ٹاک " نہیں، بیس اگست 2021ء، ابصار فاطمہ)[14]

**ارتقاء:**

1-اس کا تعلق اردو کے ارتقاء سے ہے ابتداء سے نہیں۔

(بلاگ؛دکن میں اردو: تحقیقی وتنقیدی جائزہ، بارہ مئی 2021ء، حذیفہ ارڑہر)

2-عورت اور مرد الگ الگ جزیروں میں رہ کر نسلِ انسانی کو ارتقاء دے سکیں۔

(بلاگ؛عورت اور ہمارا سماج: کچھ اہم سوالات۔۔۔ نو اپریل 2021ء یاسمین حمید)[15]

**انہیں:**

1- جب انہیں ہمارے جیسے نابغہ روزگار کا ہی کوئی خیال نہیں۔

(بلاگ؛ گوشی، خاموشی اور نموشی، انتیس نومبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[16]

2-ایک دوست انہیں کہنے لگے، انہیں محبوب کے جواب کا مکمل ادراک ہوتا ہے۔

(بلاگ؛سالم، بالم اور ظالم، یکم نومبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[17]

3-انہیں شاہی خون کا حامل تصور کیا جاتا تھا۔

(بلاگ؛فون، خون، جنون اور سکون، سات ستمبر، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[18]

4-منزل انہیں ملی جو شریکِ سفر نہ تھے۔

(بلاگ؛آہستہ بولیں! میرا گھوڑا ایسی باتوں کا برا مانتا ہے، چار ستمبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[19]

5-ایک خیر خواہ نے انہیں مشورہ دیا۔

(بلاگ؛مر تو میرا گھوڑا بھی گیا تھا، بارہ، ستمبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[20]

6--مولوی صاحب انہیں انکے انجام سے آگاہ کر رہے تھے۔

(بلاگ؛ جہنم کا ایندھن: گناہ گار عورتیں، سترہ، نومبر، 2021ء، فہمینہ ارشد)[21]

7-کتابوں پر تبصرہ کر کے انہیں ریٹ کیا جاتا ہے۔

(بلاگ؛کتاب بینی کا بڑھتا ہوا صحت مندر رجان، چوبیس مئی 2021ء، آصف منہاس)[22]

8-بیسیوں لوگ انہیں لائک کر رہے ہوتے ہیں۔

(بلاگ؛ بہاول پور کا محلہ کجل پورہ جہاں صفائی نصف ایمان ہے، انیتس اپریل 2021ء، آصف منہاس)[23]

9-عوامی مقامات پر اس کے اظہار سے کبر پیدا ہونے کا اندیشہ ہے جس سے انہیں خوف آتا ہے۔

(بلاگ؛شاعروں کی بہتات اور مشاعروں کا احوال۔۔ چھ نومبر 2021ء، غضنفر علی)[24]

**انہوں:**

1-انہوں نے اپنی ذاتی ضرورت کے لیے دو گدھے بھی پال رکھے تھے۔

2-انہوں نے چند سال جونیئر کو کام کرنے کی دعوت دی۔

3-انہوں نے اپنی راہ لی۔

4-انہوں نے بھرپور ورزش کی۔

(بلاگ؛میں بھی کبھی سکول کے اندر داخل ہوا ہوں؟، چوبیس، دسمبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[25]

5-انہوں نے متعدد بار سیلی منگوائی۔

(نشتر میں بلی بھی سموسہ کھاتا ہے، تین، نومبر، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[26]

6-انہوں نے فرمایا! "وہ کالم اپنے بالم کے لیے لکھتے ہیں"۔

7-انہوں نے کی ہوئی تھیں۔

(بلاگ؛سالم، بالم اور ظالم، یکم نومبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[27]

1- انہوں نے بتایا کہ ان کی بیوی لیکچرار ہے۔

2- انہوں نے موصوف کو طلب کیا۔

(بلاگ؛اب بندہ گھر بیٹھے بات بھی نہیں کر سکتا، سات، اکتوبر، 2021ءڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[27]

3- انہوں نے نہایت رقت آمیز لہجے میں بتایا۔

(بلاگ؛ ہمیں تو لوگوں کی عجلت مار گئی، پانچ، اکتوبر، 2021ءڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[28]

4-انہوں نے اپنے حبیب سے گزارش کی۔

(بلاگ؛ مر تو میرا گھوڑا بھی گیا تھا، بارہ، ستمبر، 2021ء،ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

5-انہوں نے جب اپنے حالات کے بارے میں سوچا۔

(بلاگ؛آہستہ بولیں! میرا گھوڑا ایسی باتوں کا برا مانتا ہے، چار ستمبر، 2021ء،ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

6-انہوں نے زندگی اپنی رفتار سے گزارنے کا فیصلہ کیا۔

(بلاگ؛ ظفر صمدانی: ایک باکمال شخصیت، تین، جولائی، 2021، آئی اے رحمان)[29]

7-انہوں نے تمہارے لئے کیا کیا۔

(بلاگ؛ میں کراچی ہوں، مجھے جینے دو، بارہ، اگست، 2021ء، فہمینہ ارشد)[30]

8-انہوں نے قواعد اور اصول ترتیب دیے۔

(بلاگ؛دکن میں اردو، تحقیقی و تنقیدی جائزہ، بارہ مئی 2021ء، حذیفہ ارڑہر)

9-جنہیں اس کی بھنک نہیں پڑنی چاہیے تھی، انہوں نے اپنی کامیابی سمجھی۔

(بلاگ؛اقبال کا نسخہ کیمیا، تین اکتوبر 2021ء، آشر شہزاد)[31]

10-انہوں نے سیکیورٹی پالیسی پر نظر ثانی کا فیصلہ کر لیا۔

(بلاگ؛ایک انسان دوست عورت کو سلام، اکیس مارچ 2020ء، آغا نیاز مگسی)[32]

11-اس طرح انہوں نے ایک تارخ رقم کی۔

(بلاگ؛ایک انسان دوست عورت کو سلام، اکیس مارچ 2020ء، آغا نیاز مگسی)

12-انہوں نے شدید تنقید کے باوجود ایک قدم پیچھے ہٹا لیا۔

(بلاگ؛ گمراہی سے گولی تک، سترہ مئی 2021ء، ابصار عالم)[33]

13-انہوں نے بساختہ فرمایا!

(بلاگ؛ پاکستان کی نظریاتی اساس کا خوف، بائیس نومبر 2016ء، پروفیسر فتح محمد ملک)[34]

**انکا:**

1-مرزا کا دن خطوط پڑھنے اور انکا جواب لکھنے میں صرف ہو جاتا ہے۔

(بلاگ؛دن عام ہوں یا وبا: ایک خط۔۔۔یکم اگست 2021ء کومل راجہ)[35]

2-اگر کسی ماحولیاتی خدا پر طنز کر بیٹھیں تو انکا ہاضمہ خراب ہو جائے۔

(بلاگ؛مزاحمتی معلوب۔۔یکم اپریل 2021ء، شریف اللہ محمد)[36]

3-کہیں کچھ متعلقات وجود رکھتے بھی ہوں تو انکا تدارک اور حل نہ ہوں۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟ سترہ مارچ 2021ء چوہدری بابر عباس)[37]

## انکے:

1-مولوی صاحب انہیں انکے انجام سے آگاہ کر رہے تھے۔

(بلاگ؛جہنم کا ایندھن: گناہ گار عورتیں، سترہ، نومبر، 2021ء، فہمینہ ارشد)

2-ڈرامے کے دو عناصر المیہ اور طربیہ اور انکے سماجی اطلاق و عملداری کے متعلق سوچنا شروع کیا۔

(بلاگ؛ڈرامہ، طرب والمیہ اور مجرا کلچر، نو اکتوبر 2021ء، اقدس ہاشمی)[38]

3-انکے غصے کا انداز بہت تیز ہے۔

(بلاگ؛ابسولیوٹلی ناٹ، تین اگست 2021ء، محمد طلحہ جٹ)[39]

4- استاد جاوید احمد سے سنے انکے استاد محمد حسن عسکری کے اقوال۔

(بلاگ؛دن عام ہوں یا وبا: ایک خط. یکم اگست 2021ء رائٹر کومل راجہ)

5- انکے جیسچرز اور ہاتھوں میں اٹھائے ہوئے سلوگنز کو جن کو کم از کم میرے جیسا انسان تو دیکھ کر پانی پانی ہو رہا ہے۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟۔۔سترہ مارچ 2021ء، چوہدری بابر عباس)

## انکی:

1- انکی راہ میں سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے تھے۔

(بلاگ؛ہماری عدلیہ اور ماحولیاتی تحفظ، سات ستمبر 2021ء، آمنہ اختر شیخ)[40]

2-جتنے انکی تصانیف کے ایڈیشن ہیں اتنی تو شاید کتابیں بھی لوگوں نے پڑھی نہیں ہونگیں۔

(بلاگ؛مزاحمتی معلوب۔۔۔یکم اپریل 2021ء، شریف اللہ محمد)

## انکو:

1- انکو پتہ ہے کہ اگر سندھ کے ڈاکوؤں کا نام لیں گے تو ایوارڈ کون دیگا۔

(بلاگ؛مزاحمتی معلوب۔۔۔یکم اپریل 2021ء شریف اللہ محمد)

## اسکے:

1-اسکے بعد 2015ء میں سامنے آنے والا اصغر لغاری کیس جو ماحولیاتی قانونی چارہ جوئی کے حوالے سے اہم ہے۔

(بلاگ؛ہماری عدلیہ اور ماحولیاتی تحفظ،سات ستمبر 2021ء،آمنہ اختر شیخ)

2- اسکے پیچھے کون سی سوچ اور مقاصد ہیں۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟۔۔سترہ مارچ 2021ء،چوہدری بابر عباس)

3-اسکے لیے ہمارے دلوں میں نفرت پیدا ہو۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟۔۔سترہ مارچ 2021ء،چوہدری بابر عباس)

## اسکو:

1- موجودات سے جتنا اسکو بھرتے جاؤ اتنا ہی بڑھتا جاتا ہے۔

(بلاگ؛دن عام ہوں یا وبا:ایک خط۔۔۔یکم اگست 2021ء کومل راجہ)

## اسکا:

1- اس بات سے نہ فرار ممکن ہے نہ اسکا رد ہو سکتا ہے۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟۔۔سترہ مارچ 2021ء،چوہدری بابر عباس)

## اسکی:

1-آپکے گھروں تک بھی اسکی حرارت پہنچ رہی ہے۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟۔۔سترہ مارچ 2021ء،چوہدری بابر عباس)

2-اسکی آنکھیں بند پھر نیم واہوئیں۔

3-اسکی آواز میں عجب ارتعاش تھا۔

(بلاگ؛بزرگ،سترہ اپریل 2021ء،مجیب الحق حقی)[41]

4-ہمارے ان دیسی ترقی پسندوں کا حال یہ ہے کہ مسلمان اور اسکی مذہبی حساسیت کو اپنی آواز خیالی سے روندنا فرض گردانتے ہیں۔

(بلاگ؛مزاحمتی معلوب۔۔یکم اپریل 2021ء،شریف اللہ محمد)

**اسمیں:**

1-ایزرا پاؤنڈ کا مضمون دیکھا اسمیں فنکاروں کے تین اقسام بتائی گئیں۔

(بلاگ؛ڈرامہ،طرب والمیہ اور مجرا کلچر،نواکتوبر 2021ء،اقدس ہاشمی)

**انشاءاللہ:**

1-انشاءاللہ قوم کے لیے یہ کام انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔

(بلاگ؛کمپیوٹر پر اردو کی تدریس سائنس کیسے؟بائیس نومبر 2020ء،اشتیاق احمد)[42]

**انتہاء:**

1-انتہاء ظلم تو یہ ہے کہ ملک کی چار دیواری میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(بلاگ؛زبان ملک کی پہچان ہوتی ہے، تئیس نومبر 2020ء،آصف اقبال انصاری)[43]

2-اللہ نے انسان کو بے انتہاء صلاحیتیں دی ہیں۔

(بلاگ؛خوش رہنا ایک عادت ہے،چار جنوری 2021ء،عطامحمد تبسم)[44]

**اشیاء:**

1-لوگوں کے پاس کھانے پینے کی اشیاء کی قلت تھی۔

(بلاگ؛خوش رہنا ایک عادت ہے،چار جنوری 2021ء،عطامحمد تبسم)

**اڈہ:**

1-جھنگ میں ہمارے آبائی گھر سے تھوڑے سے ہی فاصلے پر مقامی دیہاتوں کو آنے جانے والی بسوں کا اڈہ تھا۔

(بلاگ؛آپ ہوسیس، تئیس،اگست،2021ء،ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[45]

**اعلا:**

1-یہ شاعری ہے،اعلا درجے کا تخلیقی ادب ہے۔

(بلاگ: سارہ شگفتہ اور نگ چور، پانچ مئی 2020ء،آصف فرخی)[46]

**اجراء:**

1-اس فیصلے کے دور س نتائج میں 1997ء کا اجراء ہے۔

(بلاگ؛ ہماری عدلیہ اور ماحولیاتی تحفظ، سات ستمبر 2021ء، آمنہ اختر شیخ)

**ایمانداری:**

1-ایمانداری کا تقاضا ہے کہ یہاں پر عامر متین اور محمد مالک کا ذکر کیا جائے۔

(بلاگ؛ گمراہی سے گولی تک؛ سترہ مئی 2021ء، ابصار عالم)

**افسوسناک:**

1- کچھ افسوسناک واقعات کے شادی کے مسائل کے حوالے سے بحث نے پھر زور پکڑا ہے۔

(بلاگ؛ تاخیر سے شادی اور اداس جوڑے۔۔ جدید مسائل اور حل، ستائیس جنوری 2021ء)[47]

**اسپتال:**

1-کراچی میں سرکاری اسپتال بھی ہے۔

(بلاگ: ڈاکٹر ملک حمید اللہ: کراچی کے عظیم مسیحا کو سلام، سترہ اپریل 2020ء، آصف خان رومی)[48]

**آپکو:**

1-آپکو استادوں کے تیسرے قول سے خبر دار کرنا بھی ضروری ہے۔

(بلاگ؛ ایک خط: دن عام ہوں یا وبا، یکم اگست 2021ء رائٹر کومل راجہ)

2-آپکی پرکھ کا پیمانہ جو بھی ہو آپکو فرار حاصل نہیں ہوگا۔

(بلاگ؛ آخر کریں کیا؟۔۔ سترہ مارچ 2021ء، چوہدری بابر عباس)

**آپکی:**

1-آپکی پرکھ کا پیمانہ جو بھی ہو آپکو فرار حاصل نہیں ہوگا۔

(بلاگ؛ آخر کریں کیا؟۔۔ سترہ مارچ 2021ء، چوہدری بابر عباس)

**آپکے:**

1-آپکے گھروں تک بھی اسکی حرارت پہنچ رہی ہے۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟۔۔ سترہ مارچ 2021ء، چوہدری بابر عباس)

## آپکا:

1- آپکا بکرا کل میرے خواب میں آیا تھا۔

(بلاگ؛ابسولیوٹلی ناٹ، تین اگست 2021ء، محمد طلحہ جٹ)

2-آپکارب جانتاہے کہ مساجد کے اندر وزیر اعظم نے نماز کا گہرا اثر لیا۔

(بلاگ: ایک انسان دوست عورت کو سلام،اکیس مارچ 2020ء، آغا نیاز مگسی)

3-جب کوئی مسئلہ آپکا مسئلہ نہ ہو۔

## آزاد:

1- آج کل عشق کاآزارزیادہ خطرناک ہے۔

(بلاگ،لوگ، جوگ، روگ اور سموگ، سات، دسمبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)(49)

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟سترہ مارچ 2021ءچوہدری بابر عباس)

## بقاء:

1-زبان قومی تشخص کی بقاء کاذریعہ ہوتی ہے۔

(بلاگ: زبان ملک کی پہچان ہوتی ہے، تئیس نومبر 2020ء، آصف اقبال انصاری)

## بغلگیر:

1-مسلم خاندانوں کی خواتین سے بغلگیر ہو کر افسوس کااظہار کرتی رہی۔

(بلاگ: ایک انسان دوست عورت کو سلام،اکیس مارچ 2020ء، آغا نیاز مگسی)

## جسکو:

1- ایسا خالی پن جسکو خارج سے بھرنا ممکن نہیں۔

(بلاگ؛دن عام ہوں یا وبا: ایک خط۔۔۔ یکم اگست 2021ء کومل راجہ)

2-آٹھ مارچ کادن جسکواب باقاعدگی سے ہمیں بھگتناپڑتاہے۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟سترہ مارچ 2021ءچوہدری بابر عباس)

## جسکے:

1- جسکے آنے سے پہلے ہی طبیعت مکدر ہو جاتی ہے۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟سترہ مارچ 2021ءچوہدری بابر عباس)

## جسکی:

1- جسکی یقینی منزل الحاد اور LGBT کی قبولیت وتوثیق ہو۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟سترہ مارچ 2021ء،چوہدری بابر عباس)

2-عورت کو ان تمام نسوانی حقوق سے محروم کر دیا گیا جسکی وہ حقدار تھی۔

(بلاگ؛حقوقِ نسواں مغرب کا لالی پاپ؛آٹھ مارچ 2021ء،مہوش خان جرمنی)[50]

## جنکی:

1-جنکی آڑ میں دراصل عزائم ومقاصد کچھ اور ہوں۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟سترہ مارچ 2021ءچوہدری بابر عباس)

## دیانتدار:

1-ان کی سربراہی مجاز اور دیانتدار لیڈر کو دینی چاہیے۔

(بلاگ؛جدید دور کی غلامی۔۔نو فروری 2021ء،نعیم صادق)[51]

## گناہگار:

1- اپنی جان بچ جانے پر مجھ گناہگار کو یقین ہی نہیں آرہا تھا۔

(بلاگ؛ملازمت اور صحافت،چھ مئی 2021ء،ابصار عالم)[52]

## دیگا:

1-انکو پتہ ہے کہ اگر سندھ کے ڈاکوؤں کا نام لیں گے تو ایوارڈ کون دیگا۔

(بلاگ؛مزاحمتی معلوب۔۔۔یکم اپریل 2021ءشریف اللہ محمد)

## ہونگیں:

1-جتنے انکی تصانیف کے ایڈیشن ہیں اتنی تو شاید کتابیں بھی لوگوں نے پڑھی نہیں ہونگیں۔

(بلاگ؛مزاحمتی معلوب۔۔۔یکم اپریل 2021ء، شریف اللہ محمد)

**چونکہ:**

1-بات چونکہ مناسب تھی ہمیں اثبات میں سر ہلانا پڑا۔

(بلاگ؛شاعروں کی بہتات اور مشاعروں کا احوال۔۔چھ نومبر 2021ء، غضنفر علی)

**رہونگا:**

1-اس سعادت کیلئے اگر ناچیز کو موزوں قرار دیا جائے تو نیاز مند رہونگا۔

(بلاگ؛شاعروں کی بہتات اور مشاعروں کا احوال۔۔چھ نومبر 2021ء، غضنفر علی)

**رہیگا:**

1- معلوم انسانی تاریخ سے لیکر آج تک یہ کام ہو رہا ہے اور ہوتا رہیگا۔

(بلاگ؛مزاحمتی معلوب۔۔۔یکم اپریل 2021ء، شریف اللہ محمد)

**ہونگے:**

1-ان مسلح جتھوں کا نشانہ ہمارے پڑھے لکھے لوگ ہونگے۔

(بلاگ؛ملک بچانا ہے یا ملائیت ؟انیس اپریل 2021ء عطا محمد تبسم)[53]

**ہونگی:**

1- تمہاری یاد سے غافل نہیں ہونگی۔

(بلاگ؛عربی۔۔۔چھ جنوری 2021ء، علی عبداللہ)[54]

2-سرمایہ کاری کے حصول کے لئے نئی راہیں تلاش کرنا ہونگی۔

(بلاگ؛موسمی تغیرات اور ہماری ذمے داری، پندرہ مئی 2021ء، آمنہ اختر شیخ)[55]

3-خاندان کی وجہ سے نکاح کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنا ہونگی۔

(بلاگ؛ویلنٹائن ، مذہبی طبقات کا ناممکن سماج اور لومیرج کے مسائل، تیرہ فروری 2021ء، طیب عثمانی)[56]

**کیلئے:**

1-ہر شخص کی زندگی میں کوئی نہ کوئی محرومی ایسی ہوتی ہے جو اسے نجومی کے پاس جانے کیلئے مجبور کر سکتی ہے۔

2-دنیا کیلئے بے کار ہوئے۔

3-لوگ اپنی محرومیوں کے حل کیلئے نجومی کے پاس جاتے ہیں۔

(محرومی، نجومی، محکومی، رومی، نو، دسمبر 2022ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

4) سکندرِ اعظم نے اپنے دورِ حکومت میں ہر شعبہ فکر کیلئے وظائف مقرر کیے۔

(بلاگ؛ شاعروں کی بہتات اور مشاعروں کا احوال-- چھ نومبر 2021ء، غضنفر علی)

5) اس سعادت کیلئے اگر ناچیز کو موزوں قرار دیا جائے تو نیاز مندر ہونگا۔

(بلاگ؛ شاعروں کی بہتات اور مشاعروں کا احوال-- چھ نومبر 2021ء، غضنفر علی)

6) کراچی میں بجلی کے استعمال کیلئے بلدیہ الیکٹرک سپلائی کرنے والی ہے۔

(بلاگ؛ کراچی روشنیوں کا شہر کیسے بنا؟ تیس، نومبر 2020، آسیہ اشرف اعوان)[57]

7) بجلی گھریلو صارفین کیلئے دو پیسے فی یونٹ۔

8) کراچی میں بجلی کے استعمال کیلئے بلدیہ الیکٹرک سپلائی کرنے والی ہے۔

(بلاگ؛ کراچی روشنیوں کا شہر کیسے بنا؟ تیس، نومبر 2020، آسیہ اشرف اعوان)

9) انسان کو تفریح کیلئے کچھ انوکھا کرنا ہے۔

(بلاگ؛ ڈرامہ، طرب و المیہ اور مجرا کلچر، نو اکتوبر 2021ء، اقدس ہاشمی)

10-عورت کو جنس کے طور پر "کارپوریٹ اٹریکشن" کیلئے متعارف کروادیا۔

(بلاگ؛ فیمینزم کا قضیہ اور ہم۔۔۔ تیرہ فروری 2021ء، ضیاء الرحمن فاروق)[58]

11-زندگی کے کرب کو کم کرنے کیلئے اس میں معنویت کے دائرے کری ایٹ کرنے کی صلاحیت ہے۔

(بلاگ؛ علم کیا ہے؟ اور کیا ایک نئی انسانی دانش کی تشکیل ناگزیر ہے؟ تیرہ فروری 2021ء، نعمان علی خان)[59]

## لئے:

1) لوگ اپنا پیٹ بھرنے کے لئے اپنے ہی ملک کے راز بیچنا شروع کر دیتے ہیں۔

2) اللہ نے انسان کی رہنمائی کے لئے اپنا دین مکمل کر دیا ہے۔

(بلاگ؛آسودگی، بے ہودگی، آلودگی اور ہماری موجودگی، بارہ، جنوری، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[60]

3) میرا قیام چند دنوں کے لئے ہوا۔

4) ان کے لئے جان لیوا ثابت ہوا۔

5) مقدمات کی سماعت کے لئے دفتر آئیں۔

6) خواتین کے لئے ہوسٹل بھی تھا۔

(بلاگ؛میوا، سیوا، جان لیوا اور بیوہ، پندرہ، نومبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[61]

7) خواتین کے ساتھ عمدہ برتاؤ کے لئے مشہور تھے۔

(بلاگ؛میں بھی کبھی سکول کے اندر داخل ہوا ہوں؟، چوبیس، دسمبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

8) چوری کے لئے جاتے ہوئے بدن پر تیل ملنا ضروری سمجھتے تھے۔

9) پہلے کام چور کے لئے بھی نوالہ حاضر ہوتا تھا۔

(بلاگ؛ابھی بھی میں چور ہوں؟ دس، نومبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

10) نشتر میڈیکل کالج کے طلبہ سیر کے لئے ملتان کینٹ پیدل ہی چلے جاتے تھے۔

11) کچھ طلبہ بلیوں کا پیٹ بھرنے کے لئے قصداً بھی سموسوں کے کچھ ٹکڑے نیچے گرا دیتے تھے۔

(بلاگ؛نشتر میں بلی بھی سموسہ کھاتا ہے، تین، نومبر، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

12) پڑھنا لکھنا ان کے لئے مشکل نہیں تھا۔

13) وہ کالم اپنے بالم کے لئے لکھتے تھے۔

14) کالم تو ان کے لئے ایک بہانہ ہے۔

15) مخاطب کے لئے کالم پڑھے بغیر کوئی چارہ نہیں رہتا تھا۔

(بلاگ؛سالم، بالم اور ظالم، یکم نومبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

16) بعض سوال کسی کو بے حال کرنے کے لئے کیے جاتے ہیں۔

(بلاگ؛اب بندہ گھر بیٹھے بات بھی نہیں کر سکتا، سات، اکتوبر، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

17) خرگوش کے بعد احترام ریکارڈ کی درستی کے لئے گزارش کی۔

18) زبانی امتحان دینے کے لئے آیا ہوں۔

(بلاگ؛ہمیں تو لوگوں کی عجلت مار گئی، پانچ، اکتوبر، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[62]

19) وہ صاحب بچوں کی تعلیم کے لئے جھنگ منتقل ہو گئے۔

20) ایک نلکا مخلوقِ خدا کے لئے سود مند ہو۔

21) ایک جیتا جاگیتاانسان ان کے لئے باعثِ ازار ہو۔

22) بزرگوں کے لئے دعائیں کمارہا ہے۔

(بلاگ؛ نلکا اور ہلکا، چوبیس، ستمبر، 2021ءڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[63]

23) کئی لوگ ایسے بھی ہیں جو کسی چینل سے بچنے کے لئے اپنے تمام چینلز استعمال کرتے ہیں۔

24) اگرچہ یہ معاملہ ان کے لئے باعثِ فکر ہوتا ہے۔

25) ایک انسان کے لئے اتنا گناہ ہی کافی ہے۔

(بلاگ؛ کیکر، ٹکر، ذکر اور فکر، بائیس ستمبر، 2021ءڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[64]

26) سب کے لئے جانی پہچانی ہے۔

(بلاگ؛ فون، خون، جنون اور سکون، سات ستمبر، 2021ءڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

27) گھوڑے کے لئے وہ دوائی تجویز کریں۔

28) آپ تھوڑی اپنے دل کی سیاہی بالوں میں لگانے کے لئے مجھے بھیج دیجیے۔

(بلاگ؛ مرتو میرا گھوڑا بھی گیا تھا، بارہ، ستمبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

29) اپنی سندری کی مندری پہنانے کے لئے اس کی بے چینی الفاظ میں بیان نہیں کی جاسکتی۔

30) بعض لوگ ساری زندگی اپنی مندری کے لئے روتے رہتے ہیں۔

31) یہ محبت اس کے لئے اکسیر ہے۔

32) سمندر میں اپنا گھر اس کے لئے خواب ہی رہتا ہے۔

33) وہ کسی کے آنگن میں اترنے کے لئے تیار نہیں ہوتی۔

(بلاگ؛ سندری، مندری اور سمندری۔ انتیس، اگست، 2021ءڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[65]

34) جب لوگ کسی کو سزا دینے کے لئے ہاتھوں میں پتھر پکڑے کھڑے تھے۔

35) انسان کو خوابِ غفلت سے جگانے کے لئے ضروری ہے۔

(بلاگ؛ آپ ہو سیس، تیئس، اگست، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

36) اس جہان فانی میں لافانی ہونے کے لئے انسان نے ان گنت کشٹ اٹھائے ہیں۔

37) اس مقصد کے حصول کے لئے وہ اپنی عزیز ترین چیز قربان کرنے کے لئے تیار رہتا ہے۔
(بلاگ: فنا، بقا اور حسینیت کا فلسفہ، اٹھارہ اگست، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[66]

38) سوچتا ہوں لمحے قید کر لئے جائیں۔

39) تھر کی ریت میں جنم لیتے ہوئے شاعر۔
(بلاگ: راٹا سر کی ریل سے لکھا ہوا ایک ادبی خط، پچیس، نومبر، 2021ء، بھارومل امرانی)[67]

40) آج کل کی نوجوان نسل کے لئے دیومالائی کہانی۔
(بلاگ: محلے کی ماں، تئیس، اگست، 2021ء، فہمینہ ارشد)[68]

41) انہوں نے تمہارے لئے کیا کیا۔
(بلاگ: میں کراچی ہوں، مجھے جینے دو، بارہ، اگست، 2021ء، فہمینہ ارشد)

42) اپنے بچوں کے لئے ہر ناجائز ہمارے لئے جائز بن جاتا ہے۔
(بلاگ: معاشرتی ذمہ داری سے ناآشنا ہم گندے غلیظ لوگ، پچیس، نومبر 2021ء آصف منہاس)[69]

43) انسان کے فائدے کے لئے مائیکرو آرگنزم کا استعمال کرنا ہے۔
(بلاگ: پاکستان میں بائیوٹیکنالوجی کا کردار: اکتیس مئی 2021ء، آصف منیر)[70]

44) اس ہمہ گیر ذمے داری کو پورا کرنے کے لئے عدلیہ کی جانب رجحان سامنے آیا۔
(بلاگ: ہماری عدلیہ اور ماحولیاتی تحفظ، سات ستمبر 2021ء، آمنہ اختر شیخ)

45) آلودگی سے بچنے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔
(بلاگ: ہماری عدلیہ اور ماحولیاتی تحفظ، سات ستمبر 2021ء، آمنہ اختر شیخ)

46) برطانیہ سے تعلق رکھنے والے بہت سے افراد نے شیئرز خرید لئے ہیں۔
(بلاگ: سوئز کینال، بارہ مئی 2021ء، ابن آصف)[71]

47) نجومی اپنی محرومیوں کے حل کے لئے کہاں جاتا ہے؟

48) اس کا دل ہمیشہ کے لئے ہار جاتا ہے۔
(بلاگ: محرومی، نجومی، محکومی، رومی، نو، دسمبر 2022ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

## کونسے:

1- آپ کونسے عقوبت خانے میں پابہ جولاں ہیں۔

(بلاگ؛آخر کریں کیا؟۔۔سترہ مارچ 2021ء،چوہدری بابر عباس)

**غمزدہ:**

1-دکھیاری ماں، غمزدہ سانس نکلتی ہے۔

(بلاگ؛زندگی میں سکون چاہیے ؟تو پھر الٹی گنگا بہائیے !،چوبیس،جولائی،2021ء،فہمینہ ارشد)(72)

**چمکدار:**

1-جنہوں نے چمکدار ملمعے کے نیچے اپنا ذنگ آلود چہرہ چھپایا۔

(بلاگ؛مذہب کے ٹھنڈے ملمعے اور پیچھے چھپا اصل چہرہ،چھے،جولائی،2021ء،فہمینہ ارشد)(73)

**جانفشانی:**

1-تحریک بڑی جانفشانی سے کور کی۔

(بلاگ؛کچھ ذکر فیض صاحب کا،چھ ستمبر 2020ء،آصف جیلانی)(74)

**سبکدوش:**

1-انھوں نے اپنے وفادار وزراء تک کو کابینہ سے سبکدوش کر دیا۔

(بلاگ؛گمراہی سے گولی تک؛سترہ مئی 2021ء،ابصار عالم)

**خوشنما:**

1-الگزانڈرا پیلس کا خوشنما پارک دلکش لگتا تھا۔

(بلاگ؛کچھ ذکر فیض صاحب کا،چھ ستمبر 2020ء،آصف جیلانی)

2-ماحولیاتی حوالے سے ایک خوشنما داستان لگتی ہے۔

(بلاگ؛ہماری عدلیہ اور ماحولیاتی تحفظ،سات ستمبر 2021ء،آمنہ اختر شیخ)

**رنگدار:**

1-آپ رنگدار سائیلیاں بھجوا سکتے ہیں۔

(بلاگ؛دن عام ہوں یا وبا:ایک خط۔۔۔یکم اگست 2021ء کومل راجہ)

**ٹیلیوژن:**

1-بی بی سی کی ٹیلیوژن نشریات شروع ہوئیں۔

(بلاگ: کچھ ذکر فیض صاحب کا، چھ ستمبر 2020ء، آصف جیلانی)

**بیہودہ:**

1. اکثریت کے دماغ نہ ہی اتنے آلودہ تھے اور نہ ہی اتنے بیہودہ تھے۔

(بلاگ، آسودگی، بے ہودگی، آلودگی اور ہماری موجودگی، بارہ، جنوری، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

**خوبصورت، خوبصورتی:-**

1) صبح صادق کا منظر اتنا خوبصورت ہوتا ہے۔

(بلاگ، آسودگی، بے ہودگی، آلودگی اور ہماری موجودگی، بارہ، جنوری، 2021ء ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)[75]

2) پرانے دور کی ایک خوبصورتی یہ بھی تھی کہ تب چور ہوتے تھے ڈاکو نہیں ہوتے تھے۔

(بلاگ؛ ابھی بھی میں چور ہوں؟ دس، نومبر، 2021ء، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی)

3) ایک نلکے کے نیچے کھڑا انتہائی خوبصورت رنگ برنگی مچھلیاں دھو رہا تھا۔

